**Objectionable findings (in addition to direct blasphemous & slanderous content pertaining to Prophets alaihimussalaam) from Tafsir of Abid Khundmiri**

**Abid Khundmiri ki Tafseer mein Sainkdo Qabil e Eteraaz Nukaat Manzar e Aaam per hain, Jis mein Huzoor Sas aur Deegar Ambiyaa Alaihimussalam ki Namoos Per bhi baat aayi hai.**

# Musaddiqeen e Imamuna Ahs

Salamun Alaykum

Aap Tamam, Tafsir Abid Khundmiri se Waqif hongey, Jab humne ye dekha ke is tafseer ko Qaum e Mahdavia ki Tafseer ke naam se promote kiya jaaraha tha, to humne bhi iska mutallaa kiya.

Aap logaon ki sahoolat ke liye, Abid Khundmiri ki Urdu Tafseer ke Page Numbers Highlight karke Yahan ek Jagah Jamaa kardiye gaye hain, aap khud dekhlein ke Is tafseer mein ye baatein rakhkar isko Qaum e Mahdavia ki Tafseer Kahna kitna galat hai.

1. Gustakhi No 1 - Page No 579 - Shan e Risalat Sas (Bibi Zainab Hz Zaid ka Waqiya)
2. Gustakhi No 2 - Page No 522 - Hz Sulaiman Ahs ki Shan mein
3. Gustakhi No 3 - Page No 764 - Shan e Risalat Sas, Ahle Bait Ummahatul Momineen Rz
4. Gustakhi No 4 - Page No 39 - Hz Umar Rz ke mutaaleq
5. Gustakhi No 5 - Page No 30 - Hz Abdullah Bin Salam Rz ke mutaaleq
6. Gustakhi No 6 - Page No 92 - Ansari Sahabi Rz ke Mutaaleq
7. Gustakhi No 7 - Page No 899 : Amanat (Haamil e Baar E Amaanat) ke baare mein iske hamil BM Syed Khundmir Rz ko Sabit kiya phir Likha ke Allah ne to Maal aur Aulad ko Fitna kaha hai, Quran ne Jinko Fitna Kaha hai, Amaanat Kaise Hojayengey
8. Page No 324 - Abul Basar ka Khajoor ka waqiya
9. Page No 624 - Hz Sulaiman ke 99 wives ke saath ek raat mein sohbat
10. Page No 581 - Hz Sulaiman ke 300 wives and 700 Slave Girls (Contradiction with no 9)
11. Page No 135 - Hz per Ilzam ke wo Baghair koyee reason Hz Sauda Rz ko Talaq dene ki baat, phir Hz Sauda Rz ki baari Bibi Ayesha ko dedi gayee. Without any reason Bibi Souda Rz is away from Huzoor's company.
12. Page No 112 - Hz Yaqoob Ahs ne 2 Bahnaon se Shadi Ki (Jab ki Dono Zinda thi)
13. Page No 92 : Hz Mahdi Ahs ki Taqleed mein Tahtal Wazoo mein WALLAAZEENA WALI AYAT PADNA zaroori aur Shart Nahi
14. Page No 429 - Jannat mein Jo Salam ki Basharat Allah Swt ne Momineen ko Inaam ke Taur per di hai, Wo Salam Jannat mein ek Laghoo Baat Hai
15. Page No 769: Machli ki peeth per rakhi hui hai Zameen. Apne bachaon ko zaroor sunayein ye Scientific Fact Jo Abid Khundmiri ne discover kiya hai
16. Page No 770 : likhe hain Mumkin hai ke Huzoor Sas Iman ki Hirs mein Kuffar e Makkah ki Khwahesh per Butaon ke Taaluq se Naram Rawaye ka Soncha aur Allah ne Khabardar kiya
17. Page No 587 : Likhe hain ke Hz Moosa Ahs per logaon ne Ilzam lagaya tha ke Hz ko Kod ya Fitaq (Hernia) ki beemari thi to Allah Swt ne Hz Moosa ko bhare Majmue mein Ek tadbeer se Barhana le aaya (Nauzubillah) aur logaon ne aap ko Barhana dekha ke aap ko aisi kuch beemari nahi thi.
18. Page No 754 : Juma Namaz ke Mutaleq
19. Page No 269 : Miskeen Wo Hai Jo Maangta hai (Bhikaari or Beggar)

**Objectionable findings (in addition to direct blasphemous & slanderous content pertaining to Prophets alaihimussalaam) from Tafsir of Abid Khundmiri**

**Abid Khundmiri ki Tafseer mein Sainkdo Qabil e Eteraaz Nukaat Manzar e Aaam per hain, Jis mein Huzoor Sas aur Deegar Ambiyaa Alaihimussalam ki Namoos Per bhi baat aayi hai.**

20. Page No 238 : Adam Ahs aur Hawa Rz ne Shirk Fil Ataa'at Kiya. Iblis ki baat maankar apne bete ka naam Abdul Haris (Iblees ka Banda) Rakha
21. Page No 584 : Hz Talha Bin Ubaidullah per Ilzaam ke Unhone Kaha Tha ke Huzoor Sas ke Parda Farmane ke baad Amma Ayesha Rz se Nikah Karengey
22. Page No 389 and 390 : Bibi Ayesha Rz - Momineen ki Maan, Jismani Meraj ki Qayal nahi thi, aur Kahti thi ke Huzoor Sas ne Allah Swt ko Nahi Dekha (Nauzubillah)
23. Page no : ج : Muqaddama - Introduction : Chalaaki se apne se pahle ek mukammil urdu Tafseer ko Chupaakar ye baawar karaya gaya ke Abid Khundmiri ki Tafseer Pahli Tafseer hai
24. Page No 454 : Hazrath Ayub Ahs ke baare mein
25. Page No 109, 156, 482 se Sabit Hota hai ke Abid Khundmiri ek Ayat Ko Mansooq Maante hain, aur Ek Ayat Quran se Gayeb, Yani Jo Quran aap hamare paas hai wo NaMukammil hai (Astaghfirullah) - Abid Khundmiri Umar Raseeda Shaqs hain to Kya Qaum Ye Manne Tayyar hai ke Quran mein Koyee aayat Mansooq hai, aur Quran Na Mukammil hai????
26. Page No 2 Per Jis tareeqe se Ek Aayat **Alif Laam Meem** ko Doosri Aayat ke Kuch hisse se Jod kar Apni Man Maani Taaweel pesh ki hai, Jisse Quran ke Marboot Hone Per Sawal uthey.
27. Page No 867 – Huzoor Imamuna Mahdi Ahs ke Bayan mein Apne Alfaaz ka Izaafa aur Tahreef.

Many more ……. Aur bhi bahut saare add kiye jaa sakte hain …. Agar itni baatein aap ne padli hain to agar aap bhi samajhte hain ke Abid Khundmiri se Jo Hamara Mutaaleba hai ke ek Committee bhitaakar is tafseer ko Gaur se dekha jaaye aur is mein Jitne corrections karna hai wo kiye jaayein. Aur Jitni Galat Riwaayaat is mein rakhi gayee hain usko nikalwaadiya jaaye.

Agar aisa nahi karte to Qaum e Mahdavia Ki Tafseer kahne ke bajaaye is tafseer ko Tafseer Abid Khundmir ki Tafseer Jo ek Tafsir Bir Raye, Tafsir Bil Guman, Gustakhiyan aur Tahreef se Bhari Tafseer Kah Leejiye lekin Qaum e Mahdavia Ki Tafseer Na kahein.

Apne atraaf o aknaaf ke logaon mein is baat se aagah karein taake log aisi riwayat se apna galat aqeeda naa khayem karlein.

Jazakallah Khair

Syed Munawar Ishaqui
+91-95737-85463
Email Id : imthis@gmail.com

**Kya Koyee Mahdavi Allah ke Rasool Sas ke baare mein aise alfaaz istemaal karega ??**
**Kya Allah Ke Rasool SAS Apne Mooh Boli Bahu Per Aisi Nazar Daalengey aur Uske Taaluq Se Dil mein Mohabbat Paida karlengey aur Dua Karengey ke Allah Dilaon ko Pherne wala hai**
**Kitni Naazeba Baat......**
**Kitni Be-Hudaa Baat......**
**Kya ye Koyee Mahdavi Aisa Aqeeda Rakhega Allah ke Rasool SAS ke baare mein.......??**

ف ایک طرف ازواج مطہرات کا خیال تھا کہ قرآن میں مردوں کا تو ذکر خیر بار بار آیا ہے لیکن عورتوں کا نہیں 'کیا عورتوں میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔ دوسری طرف عام عورتیں یہ کہہ رہی تھیں کہ قرآن میں ازواج مطہرات کا تو ذکر ہے ہمارا نہیں۔ کیا ہم سراسر نقصان اور گھاٹے میں ہیں تو یہ آیت نازل ہوئی جس میں دس صفات میں مردوں کے ساتھ عورتوں کا بھی ذکر خیر کیا گیا ہے۔ اگر چہ جہاں مردوں کے لئے احکام ہیں وہی احکام انسان ہونے اور مکلف ہونے کے ناطے عورتوں کے لئے بھی تھے۔ لیکن عورتوں کی تسلی کے لئے یہ آیتیں نازل ہوئیں۔ وہ دس صفات درج ذیل کئے جاتے ہیں۔ ایک اسلام جو ان المسلمین والمسلمات سے مستفاد ہے دوسرا ایمان والمومنین والمومنات سے ماخوذ ہے۔ تیسرا اطاعت وعبادت جو القانتین والقانتات سے ماخوذ ہے چوتھا قول وفعل میں صداقت جس کی طرف الصادقین والصادقات اشارہ کرتا ہے۔ پانچویں رنج وراحت میں اللہ کے فیصلے پر صبر جس پر الصابرین والصابرات دال ہے۔ چھٹا نماز میں خشوع خضوع اور ادھر ادھر نہ دیکھنا جس کی طرف الخاشعین والخاشعات سے اشارہ ہے۔ آٹھواں روزوں کی پابندی جو الصائمین والصائمات سے واضح ہے نواں عفت وپاکیزگی جو الحافظین فروجھم والحافظات سے مفہوم ہے دسواں ذکر کثیر جو الذاکرون اللہ کثیرا والذاکرات سے ظاہر ہے



وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ
ور خشوع کرنے والی عورتیں اور خیرات کرنے والے مرد اور خیرات کرنے والی عورتیں روزہ دار مرد
وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ
ور روزہ دار عورتیں اور اپنے شرم گاہوں کی حفاظت کرنے والے مرد اور حفاظت کرنے والی عورتیں اور اللہ کو
اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝
کثرت سے یاد کرنے والے مرد اور کثرت سے یاد کرنے والی عورتیں ان سب کے لئے اللہ نے بخشش اور بڑا ثواب تیار رکھا ہے ف
وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ
ور کسی ایماندار مرد اور ایماندار عورت کو حق نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی کام کا حکم دیں تو پھر ان کے اس کام میں
يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ
ن کا کچھ بھی اختیار باقی رہے اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے وہ
ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا ۝ وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْۤ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاَنْعَمْتَ
مرتا گمراہی میں پڑا ف اور جب آپ اس شخص سے کہنے لگے جس پر اللہ نے انعام کیا اور آپ نے اس پر
عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ نَفْسِكَ
احسان کیا کہ اپنی بی بی (زینب) کو اپنے پاس رہنے دے اور اللہ سے ڈر اور آپ اپنے دل میں وہ بات چھپاتے
مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ فَلَمَّا
ے تھے جس کو اللہ ظاہر کرنے والا تھا اور آپ لوگوں سے ڈرتے تھے حالانکہ اللہ زیادہ مستحق تھا کہ آپ اس سے ڈریں ف
قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
پھر جب زید کا جی اس (عورت) سے بھر گیا (اور طلاق دے دی) تو ہم نے آپ سے اس کا نکاح کر دیا تا کہ مسلمانوں پر اپنے منہ بولے
حَرَجٌ فِيْۤ اَزْوَاجِ اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ
بیٹوں کی بیویوں سے نکاح کے بارے میں جب ان کا جی ان سے بھر چکا ہو (اور طلاق دیں) کچھ تنگی نہ رہے اور اللہ کا حکم تو
اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ۝ مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ
ہونے والا ہی تھا ف پیغمبر پر اس کام میں کچھ مضائقہ نہیں جس کا حکم اللہ نے ان کے لئے مقرر فرمایا ہے



ف یہ آیت حضرت زینب بنت جحش ان کے بھائی عبداللہ بن جحش اور ان دونوں کی والدہ امیمہ بنت عبدالمطلب کے بارے میں نازل ہوئی۔ واقعہ یہ ہے کہ آنحضرت ؐ نے زید بن حارثہ کو عکاظ کے بازار سے خریدا تھا بعد میں آزاد کر دیا۔ اور گودی بیٹا بنالیا جب آنحضرت ؐ نے زینب کے سامنے منگنی کا ذکر کیا تو زینب نے یہ سمجھا کہ حضور اپنے لئے بات کر رہے ہیں تو آپ راضی ہو گئیں۔ وہ بہت خوبصورت تھیں اور طبعیت بھی تیز پائی تھی جب ان کو معلوم ہوا کہ آنحضرت ؐ کا ارادہ زید سے ان کی شادی کروانے کا ہے تو کہا کہ میں آپ کی پھوپھی کی بیٹی ہوں ایک غلام سے شادی نہیں کرتی۔ اسی طرح ان کے بھائی عبداللہ نے اس ازدواج کو پسند نہیں کیا تو یہ آیت نازل ہوئی جس کے ذریعہ حکم دیا گیا کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی معاملے میں حکم دیں اور فیصلہ کر دیں تو کسی مومن مرد اور کسی مومنہ عورت کو اس معاملہ میں کوئی اختیار نہیں رہتا یعنی اللہ اور اس کے رسول کی پسند کے خلاف کرنے کی انہیں اجازت نہیں ہے جب یہ آیت ان کو سنائی گئی تو وہ بھی راضی ہو گئیں اور ان کے بھائی بھی۔ آنحضرت نے ان کی شادی کروادی۔

ف یہ آیت بھی حضرت زینب اور زید کے بارے میں ہے۔ زینب کا نکاح زید ؓ سے ہونے کے بعد دونوں ایک مدت تک اچھی طرح رہے۔ پھر ایک دن آنحضرت ؐ زید کے گھر گئے تو بی بی زینب ایک چادر اور اوڑھنی میں تھیں۔ چونکہ وہ بہت زیادہ خوبرو۔ گوری اور قریش کی حسین ترین عورتوں میں سے تھیں آنحضرت ؐ کی نظر ان پر پڑی۔ آپ کو اچھی معلوم ہوئیں دل میں محبت پیدا ہوئی۔ آپ نے سبحان اللہ مقلب القلوب فرمایا اور پلٹ گئے۔ جب زید گھر آئے تو زینب ؓ نے یہ واقعہ دہرایا۔ زید سمجھ گئے اور اپنے دل میں زینب کے تعلق سے ناگواری محسوس کی۔ آپ آنحضرت کی خدمت میں آئے اور کہا کہ میں زینب کو خود سے الگ کر دینا چاہتا ہوں۔ آپ نے فرمایا کیوں۔ کیا اس کی طرف سے تمہیں کچھ محسوس ہوا ہے۔ انہوں نے کہا نہیں۔ میں نے ان کی طرف سے سوائے اچھائی کے کچھ نہیں دیکھا۔ لیکن اتنا ضرور ہے کہ وہ مجھ پر اپنا شرف جتاتی رہتی ہیں۔ اور اپنی زبان سے مجھے تکلیف دیتی ہیں۔ یعنی آزاد کردہ غلام ہونے کا طعنہ دیتی ہیں آنحضرت ؐ نے فرمایا امسک علیک زوجک (بقیہ اگلے صفحہ پر)

**عابد خوندمیری صاحب کی تفسیر - گستاخی 1**

## *Abid Khundmiri Ki Gustakhi # 1*
## *Page No 579*
## *Huzoor Mohammed Rasoolullah SAWS ki Shaan mein Gustakhi*

## *Ummul Momineen Bibi Zainab Rz ki Shaan mein Gustakhi*

## *Jhooti Riwayataon ka Istemaal Karke Ahle Bait ke Mutaaliq Naazeba Alfaaz*

Page No 579 - Kitab Tafseer Abid Khundmiri

Hz Zaid Rz (Rasoolullah SAS ke Mooh Bole Bete) Ka Nikah Bibi Zainab Rz se Hua, Dono Ek Muddat Tak Achi Tarah Rahe, **Phir Ek Din** Aan Hazrath SAS Zaid Rz ke Ghar Gaye To Bibi Zainab **Ek Chaadar Aur Odni Mein Thi** Choonke Wo Bahut Ziyada Khoobro, Gori Aur Quresh ki Haseen Tareen Aurtaon mein Se Thi Aan Hazrath SAS **Ki Nazar In Per Padi** Aap Ko Achi Maloom Hui **Dil Mein Mohabbat Paida Hui** Aap ne SUBHANALLAH - MUQALLIBAL QULOOB Farmaya Aur Palat Gaye Jab Zaid Ghar Aaye to Zainab ne Ye Waqiya Dohraya **Zaid Samajh Gaye** aur Apne Dil mein **Zainab ke Taaluq Se Naa Gawari Mahsoos Ki** Aap Aan Hazrath SAS ki Khidmat mein aaye aur **Kaha ke Main Zainab ko Khud se Alag kardena Chahta hoon, Aap ne Farmaya Kyun ?** Kya Is Ki Taraf se Tumhein Kuch Mahsoos Hua hai Inhone kaha Nahi, Maine in ki Taraf se Siwaye Achaayee ke Kuch Nahi Dekha........... Until End

**Abid Khundmiri ki Gustaakhi #2**
**Page No 522**
**Kitab - Tafseer Abid Khundmiri**

**Hz Sulaiman Ahs ke Mutaaliq Aise Naazeba Alfaaz Istemaal Kiya hai Jo Koyee Ghair Muslim Bhi wo Kaam Naa Kare**

**"Phir Jannat ne Ye Sonch Kar ke Kahin Hazrath Sulaiman Ahs Is se (Yani Bilqis Malika se) Shaadi Naa Karlein Ye Kaha ke Is Ki Pindliyaon Per Baal hain. Hazrath Sulaiman Ahs ne Iski Sadaaqat maloom karne ke liye Jab Mahel ke Andar Chalne Daawat Dee To Raaste mein Sheeshe Kuch Is Tarah Bhichaadiye they ke Wo Lehre Maarta Hua Paani Maaloom Horaha tha Ya Ye Bhi Hosakta hai Houz Per Sheeshe Lagaadiye Gaye Hon. Jab Bilqees ne In Per Paaon Rakhne ka Iraada kiya to Neechey Paani Samajhkar Apne Paayenchey Zara Ooper Chadaaye. Sulaiman Ahs ne Pindliyon Ko Dekha Ke Wahan Baal Nahi They. "**

# عابد خوندمیری صاحب کی تفسیر - گستاخی 2

ف١ حضرت سلیمانؑ نے بلقیس کی عقل کا امتحان لینے کے لئے یہ حکم دیا کہ بلقیس کے تخت کا رنگ روپ وضع اور ہیئت بدل دو تا کہ ہم دیکھ لیں کہ اس میں کتنی سمجھداری ہے چنانچہ جب وہ آئی تو اس سے پوچھا گیا کہ کیا تمہارا تخت ایسا ہی ہے۔ وہ تخت دیکھ کر پریشان ہوگئی۔ اس لئے کہ تخت تو اسی کا تھا لیکن اس کے کچھ حصے کسی حد تک بدل دئے گئے تھے ہوشیار خاتون تھی اس نے نہ تو ہاں کہا اور نہ نہیں۔ بلکہ جواب یہ دیا کہ گویا کہ وہی ہے۔



اَهٰكَذَا عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَاُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا
کیا آپ کا تخت بھی ایسا ہی ہے۔ اس نے کہا یہ تو گویا ہو بہو وہی ہے ف١ اور ہم کو اس سے پہلے ہی (نبوت سلیمان کا) علم ہو گیا تھا اور
مُسْلِمِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ
ہم فرمانبردار ہو چکے ہیں ف٢ اور وہ جو اللہ کے سوا جس کی پرستش کرتی تھی (اللہ نے یا سلیمان نے) اس کو اس سے روک دیا
مِنْ قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿٤٣﴾ قِيْلَ لَهَا ادْخُلِى الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ
اس سے پہلے تو وہ کافروں میں سے تھی پھر اس سے کہا گیا محل میں چلئے جب اس نے فرش دیکھا تو اسے
لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ
گہرا پانی سمجھا۔ اور کپڑا اٹھا کر اپنی پنڈلیاں کھول دیں۔ سلیمان نے کہا یہ ایک محل ہے جس میں (نیچے) شیشے جڑے ہوئے ہیں
قَالَتْ رَبِّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ
وہ بول اٹھی میرے رب میں اپنے آپ پر ظلم کرتی تھی اور اب سلیمان کے ساتھ اللہ کے آگے جو پروردگار عالم ہے
٣ ع ١٣ ١٨ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَلَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ
ایمان لاتی ہوں ۔ ف٣ اور ہم نے ثمود کی طرف ان کے بھائی صالح کو بھیجا کہ اللہ کی عبادت کر
فَاِذَا هُمْ فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٤٥﴾ قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ بِالسَّيِّئَةِ
تو وہ دو فریق ہو کر آپس میں جھگڑنے لگے ف٤ صالح نے کہا بھائیو تم بھلائی سے پہلے برائی کے لئے کیوں جلدی کرتے ہو
قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٦﴾ قَالُوا اطَّيَّرْنَا
اور اللہ سے بخشش کیوں نہیں مانگتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے ف٥ وہ کہنے لگے تم اور تمہارے
بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿٤٧﴾
ساتھی ہمارے لئے شگون بد ہیں صالح نے کہا تمہاری بدشگونی اللہ کی طرف سے ہے بلکہ تم ایسے لوگ ہو جن کی آزمائش ہو رہی ہے ف٦
وَكَانَ فِى الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ وَ
اور شہر میں نو اشخاص تھے جو ملک میں فساد کیا کرتے تھے اور
لَا يُصْلِحُوْنَ ﴿٤٨﴾ قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَاَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ
صلاح سے کام نہیں لیتے تھے۔ کہنے لگے سب اس پر اللہ کی قسم کھاؤ کہ رات کے وقت ہم صالح اور ان کے گھر والوں کو مار دیں گے پھر کہہ دیں گے



ف٢ اس نے پھر یہ بھی کہا کہ ہم کو پہلے سے معلوم ہو چکا تھا کہ سلیمانؑ صرف ایک بادشاہ نہیں بلکہ ایک پیغمبر بھی ہیں۔ اس لئے ہم تو پہلے سے ہی فرمانبرداری اختیار کر چکے تھے۔ اسقدر آزمائش کی بھی ضرورت نہیں تھی۔

ف٣ پھر جنات نے یہ سوچ کر کہ کہیں حضرت سلیمانؑ اس سے شادی نہ کر لیں یہ کہا کہ اس کی پنڈلیوں پر بال ہیں۔ حضرت سلیمانؑ نے اس کی صداقت معلوم کرنے کے لئے جب محل کے اندر چلنے کی دعوت دی تو راستہ میں شیشے کچھ اس طرح بچھا دئے تھے کہ وہ لہریں مارتا ہوا پانی معلوم ہو رہا تھا یا یہ بھی ہو سکتا ہے حوض پر شیشے لگا دئے گئے ہوں جب بلقیس نے ان پر پاؤں رکھنے کا ارادہ کیا تو نیچے پانی سمجھ کر اپنے پائینچے ذرا اوپر چڑھائے۔ سلیمانؑ نے پنڈلیوں کو دیکھا کہ وہاں بال نہیں تھے۔ تو سلیمانؑ نے کہا یہ تو شیشے ہیں پانی نہیں ہے تو بلقیس کو ندامت ہوئی اور کہا میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا یعنی جس طرح شیشے کو پانی سمجھا اسی طرح آفتاب کو خدا سمجھا اور اب تک اس کی پرستش کرتی رہی۔ اب جبکہ حقیقت سمجھ میں آگئی تو سلیمانؑ کے ساتھ اللہ پر ایمان لاتی ہوں جو سارے جہاں کا پروردگار ہے

ف٤ ایک تو ماننے والے اور دوسرے انکار کرنے والے۔

ف٥ حضرت صالحؑ کے لاکھ سمجھانے پر بھی نہ صرف انہوں نے آپ کو جھٹلایا بلکہ آپ کی جانب سے عذاب کی دھمکی کا یہ جواب دیا کہ دھمکیاں کیا دیتے ہو دیر کس بات کی لو ہم انکار کر رہے ہیں۔ اب لاؤ عذاب تو حضرت صالحؑ نے فرمایا افسوس بجائے اس کے کہ اللہ کے حضور توبہ کرتے اور اس سے بخشش مانگتے تم اللہ قادر مطلق سے عذاب مانگ رہے ہو۔ بھلائی کے بجائے آخر تم برائی کے لئے جلدی کیوں کر رہے ہو؟ کیا عذاب کچھ اچھی چیز ہے؟؟

ف٦ انہوں نے کہا کہ جب سے تمہارے قدم یہاں آئے ہیں نحوست نے ہم کو گھیر لیا ہے یہ قحط وغیرہ تمہارے منحوس قدموں کی وجہ سے ہے۔ صالحؑ نے فرمایا نہیں یہ نحوست اللہ کی طرف سے ہے جس کا سبب اللہ کی مسلسل نافرمانی اس کے رسول کی تکذیب اور اس کی نشانیوں کے ساتھ مذاق اڑانا ہے تمہارے کفر کے سبب تم کو سختیوں کے چکر میں ڈال دیا گیا ہے۔

ف جیسا کہ اس سے پہلے بیان ہوا ہے۔ آنحضرتؐ نے جب بی بی حفصہؓ کے گھر میں ان کی غیر حاضری میں بی بی ماریہ قبطیہ سے صحبت کی۔ اور جب حفصہ اپنے گھر واپس ہوئیں تو دروازے کو بند پایا پس آپ وہیں باہر بیٹھ گئیں۔ پھر جب دروازہ کھلا اور آنحضرتؐ باہر نکلے اس حال میں کہ آپ کی پیشانی پر پسینے کے قطرے تھے بی بی حفصہ رونے لگیں۔ حضور نے پوچھا کیوں رو رہی ہو بی بی نے جواب دیا کہ میں آپ کی اجازت سے اپنے باپ کے گھر گئی تھی۔ اور آج میری باری کا دن تھا۔ لیکن آپ نے میری باری کے دن میرے گھر میرے بستر پر ماریہ قبطیہ سے صحبت کی حضور نے فرمایا کہ وہ میری لونڈی ہے جو میرے لئے حلال ہے۔ خیر اگر میں اس کو اپنے اوپر حرام قرار دے لوں تو کیا تم راضی ہو جاؤ گی۔ انہوں نے کہا کہ ہاں۔ حضور نے فرمایا یہ بات تم اپنی حد تک رکھو کسی سے مت کہو۔ اور اس کے ساتھ شاید یہ بھی کہا کہ میرے بعد تمہارے والد اور عائشہ کے والد دونوں میرے خلیفے ہوں گے مگر یہ بات بھی کسی سے نہ کہو لیکن ادھر رسول اللہ ﷺ باہر گئے اور ادھر حضرت حفصہؓ نے عائشہؓ کا دروازہ کھٹکھٹایا اور یہ خوشخبری سنادی کہ آنحضرت ﷺ نے ماریہ قبطیہ سے نہ ملنے کی قسم کھالی ہے اور ادھر اللہ تعالیٰ نے حضور کو یہ بات بھی معلوم کر دی کہ حفصہؓ نے عائشہ سے بات کہہ دی۔ حضورؐ نے حفصہؓ سے فرمایا کہ تم نے وہ راز کی بات دوسروں سے کہہ دی حالانکہ میں نے تم کو منع کیا تھا۔ حفصہؓ نے پوچھا کہ آپ کو کس نے بتایا۔ غالباً ان کا گمان عائشہؓ کی طرف گیا ہوگا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مجھے اس بات کی خبر اس نے دی جو علیم وخبیر ہے۔ اس سے دو باتیں کام کی معلوم ہوئیں کہ ایک تو یہ کہ راز کی بات عورت سے نہ کہنی چاہئے۔ پھر وہ راز رہتا ہی نہیں دوسرا یہ کہ ہم لاکھ چھپائیں اللہ جب ظاہر کرنا چاہتا ہے تو ظاہر کر دیتا ہے۔



هٰذَا ۖ قَالَ نَبَّاَنِیَ الْعَلِیْمُ الْخَبِیْرُ ﴿۳﴾ اِنْ تَتُوْبَاۤ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ

انہوں نے کہا اس نے بتایا جو علیم وخبیر ہے ف اگر تم دونوں توبہ کرو تو تمہارے دل (حق) کی طرف مائل

صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَیْهِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَ

ہو رہے ہیں۔ اور اگر پیغمبر کے مقابلے میں تم ایک دوسرے کی مدد کرو گی تو اللہ بھی ان کا کارساز ہے اور

جِبْرِیْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِیْنَ ۚ وَالْمَلٰٓىِٕكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِیْرٌ ﴿۴﴾

جبرئیل اور نیک مسلمان بھی ہیں۔ اور ان کے علاوہ فرشتے بھی ان کے مددگار ہیں ف۲

عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ یُّبْدِلَهٗۤ اَزْوَاجًا خَیْرًا مِّنْكُنَّ

اگر پیغمبر تم کو طلاق دے دیں تو ممکن ہے کہ ان کا اللہ تمہارے بدلے ان کو تم سے بہتر بیویاں دیدے ف۳ جو اسلام والیاں

# عابد خوندمیری صاحب کی تفسیر - گستاخی 3

ف۱ جیسا کہ اس سے پہلے بیان ہوا ہے۔ آنحضرتؐ نے جب بی بی حفصہؓ کے گھر میں ان کی غیر حاضری میں بی بی ماریہ قبطیہ سے صحبت کی۔ اور جب حفصہ اپنے گھر واپس ہوئیں تو دروازے کو بند پایا پس آپ وہیں باہر بیٹھ گئیں۔ پھر جب دروازہ کھلا اور آنحضرتؐ باہر نکلے اس حال میں کہ آپ کی پیشانی پر پسینے کے قطرے تھے بی بی حفصہ رونے لگیں۔ حضور نے پوچھا کیوں رو رہی ہو بی بی نے جواب دیا کہ میں آپ کی اجازت سے اپنے باپ کے گھر گئی تھی۔ اور آج میری باری کا دن تھا۔ لیکن آپ نے میری باری کے دن میرے گھر میرے بستر پر ماریہ قبطیہ سے صحبت کی۔ حضور نے فرمایا کہ وہ میری لونڈی ہے جو میرے لئے حلال ہے۔ خیر اگر میں اس کو اپنے اوپر حرام قرار دے لوں تو کیا تم راضی ہو جاؤ گی۔ انہوں نے کہا کہ ہاں۔ حضور نے فرمایا یہ بات تم اپنی حد تک رکھو کسی سے مت کہو۔ اور اس کے ساتھ شاید یہ بھی کہا کہ میرے بعد تمہارے والد اور عائشہ کے والد دونوں میرے خلیفے ہوں گے مگر یہ بات بھی کسی سے نہ کہو لیکن ادھر رسول اللہ ﷺ باہر گئے اور ادھر حضرت حفصہؓ نے عائشہؓ کا دروازہ کھٹکھٹایا اور یہ خوشخبری سنادی کہ آنحضرت ﷺ نے ماریہ قبطیہ سے نہ ملنے کی قسم کھالی ہے اور ادھر اللہ تعالیٰ نے حضور کو یہ بات بھی معلوم کروی کہ حفصہؓ نے عائشہ سے بات کہہ دی۔ حضورؐ نے حفصہؓ سے فرمایا کہ تم نے وہ راز کی بات دوسروں سے کہہ دی حالانکہ میں نے تم کو منع کیا تھا۔ حفصہؓ نے پوچھا کہ آپ کو کس نے بتایا۔ غالباً ان کا گمان عائشہؓ کی طرف گیا ہوگا۔ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ مجھے اس بات کی خبر اس نے دی جو علیم و خبیر ہے۔ اس سے دو باتیں کام کی معلوم ہوئیں کہ ایک تو یہ کہ راز کی بات عورت سے نہ کہنی چاہئے۔ پھر وہ راز رہتا ہی نہیں دوسرا یہ کہ ہم لاکھ چھپائیں اللہ جب ظاہر کرنا چاہتا ہے تو ظاہر کر دیتا ہے۔

ف۲ اس سے آنحضرتؐ کو دلی تکلیف ہوئی۔ آپ نے حفصہؓ کو طلاق تک دینے کا ارادہ کرلیا۔ لیکن جبرئیل علیہ السلام نے آپ کو اس ارادہ سے باز رکھا۔ اور حفصہ وعائشہ دونوں کی حرکت سے حضور کو تکلیف ہوئی تھی تو اللہ دونوں سے کہہ رہا ہے کہ اگر تم دونوں توبہ کرلو تو بہتر ہے۔ کیونکہ تمہارے دل حق کی طرف مائل ہو رہے ہیں۔ اور یاد رکھو کہ اگر تم دونوں کو اپنے خاندانی شرافت ونجابت اور اپنے ماں باپ پر گھمنڈ پیدا ہوا ہے۔ اور اسی طرح حضور کے مقابلے میں عائلی طور پر کسی سازشیں رچاتی رہیں اور ایک دوسرے کی مدد کرتی رہیں تو حضور کا تو کچھ بھی نہیں بگڑے گا کیونکہ پیغمبر کا کارساز حقیقی تو اللہ ہے پھر جبرئیل علیہ السلام اور نیک مسلمان خصوصاً حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ اور تمام فرشتے بھی حضور کے مددگار ہیں البتہ بگاڑ تمہارا ہوگا کہ حضور کی زوجیت کے شرف سے محروم ہو جاؤ گی۔

ف۳ اور زیادہ تہدید دی جا رہی ہے کہ تم کسی بھی قسم کے گھمنڈ میں نہ رہنا۔ اگر حضور چاہیں تو تم کو طلاق دے دیں گے اور اللہ حضور کو تم سے بہتر بیویاں عطا فرمادے گا جن میں دینداری کی بہت سی خوبیاں ہوں گی۔

ف۴ انسان کو چاہئے کہ جہاں وہ دوزخ کے عذاب سے اپنے آپ کو بچانے کی فکر کرتا ہے وہیں اپنے اہل وعیال کو بھی دوزخ کی آگ سے بچانے کی کوشش کرے۔ سمجھا کر غصہ سے پیار سے مار سے کسی بھی طرح سے ان کو دین کی طرف راغب کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ چنانچہ حضرت مہدی علیہ السلام کے صحابی حضرت بندگی میاں

قد سمع اللہ ۲۸ | ۷۶۴ | التحریم ۶۶

ہٰذَا قَالَ نَبَّاَنِیَ الۡعَلِیۡمُ الۡخَبِیۡرُ ﴿۳﴾ اِنۡ تَتُوۡبَاۤ اِلَی اللّٰہِ فَقَدۡ

انھوں نے کہا اس نے بتایا جو علیم و خبیر ہے ف۱ اگر تم دونوں توبہ کرو تو تمہارے دل (حق) کی طرف مائل

صَغَتۡ قُلُوۡبُکُمَا ۚ وَ اِنۡ تَظٰہَرَا عَلَیۡہِ فَاِنَّ اللّٰہَ ہُوَ مَوۡلٰىہُ وَ

ہو رہے ہیں۔ اور اگر پیغمبر کے مقابلے میں تم ایک دوسرے کی مدد کروگی تو اللہ بھی ان کا کارساز ہے اور

جِبۡرِیۡلُ وَ صَالِحُ الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۚ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃُ بَعۡدَ ذٰلِکَ ظَہِیۡرٌ ﴿۴﴾

جبرئیل اور نیک مسلمان بھی ہیں۔ اور ان کے علاوہ فرشتے بھی ان کے مددگار ہیں ف۲

عَسٰی رَبُّہٗۤ اِنۡ طَلَّقَکُنَّ اَنۡ یُّبۡدِلَہٗۤ اَزۡوَاجًا خَیۡرًا مِّنۡکُنَّ

اگر پیغمبر تم کو طلاق دے دیں تو ممکن ہے کہ ان کا اللہ تمہارے بدلے ان کو تم سے بہتر بیویاں دیدے ف۳ جو اسلام والیاں

مُسۡلِمٰتٍ مُّؤۡمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ سٰٓئِحٰتٍ ثَیِّبٰتٍ وَّ

ایمان والیاں فرمانبرداری کرنے والیاں توبہ کرنے والیاں عبادت گذار روزہ رکھنے والیاں (ان میں سے) کچھ بیوہ اور

اَبۡکَارًا ﴿۵﴾ یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا قُوۡۤا اَنۡفُسَکُمۡ وَ اَہۡلِیۡکُمۡ نَارًا وَّ قُوۡدُہَا

کچھ کنواریاں ہیں اے ایمان والو اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن آدمی اور

النَّاسُ وَ الۡحِجَارَۃُ عَلَیۡہَا مَلٰٓئِکَۃٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ لَّا یَعۡصُوۡنَ

پتھر ہیں ف۴ جس پر تند خو سخت مزاج فرشتے مقرر ہیں اللہ کے احکام کی نافرمانی مطلق نہیں کرتے

اللّٰہَ مَاۤ اَمَرَہُمۡ وَ یَفۡعَلُوۡنَ مَا یُؤۡمَرُوۡنَ ﴿۶﴾ یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا

اور جو حکم ان کو ملتا ہے وہ برابر بجا لاتے ہیں۔ اے کافرو

ع ۱۹

لَا تَعۡتَذِرُوا الۡیَوۡمَ ؕ اِنَّمَا تُجۡزَوۡنَ مَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۷﴾ یٰۤاَیُّہَا

آج تم کوئی عذر نہ کرو تم کو صرف تمہارے کئے کا بدلہ دیا جارہا ہے۔ اے ایمان

الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا تُوۡبُوۡۤا اِلَی اللّٰہِ تَوۡبَۃً نَّصُوۡحًا ؕ عَسٰی رَبُّکُمۡ اَنۡ

والو اللہ کے آگے سچے دل سے توبہ کرو ف۵ امید ہے کہ وہ تمہارے گناہ تم

یُّکَفِّرَ عَنۡکُمۡ سَیِّاٰتِکُمۡ وَ یُدۡخِلَکُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ

دور کردے گا اور تم کو ایسی بہشتوں میں داخل کریگا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں



شاہ نظام سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت میراں علیہ السلام سے عرض کیا کہ میراں بی بی بچوں کی وجہ سے گزر بسر بہت رہتی ہیں اور میرا دل ذکر اللہ میں نہیں لگتا۔ اگر حکم ہو تو ان کو الگ کردوں حضرت نے فرمایا ان کا ہاتھ پکڑ کر بہشت میں لے جاؤ علیحدہ مت کرو ان کی وجہ سے اللہ تم کو بہت ثواب دیگا (حاشیہ) ف۵ توبۃ النصوح یعنی سچے دل سے توبہ کرنا۔ محمد بن کعب القرظی نے کہا ہے کہ توبہ کے چار ارکان ہیں۔ زبان سے استغفار کرنا۔ اعضاء سے وہ کام نہ کرنا۔ دل سے پھر دوبارہ وہ کام نہ کرنے کا عزم کرنا برے ساتھیوں سے دور رہنا۔

## Abid Khundmiri ki Gustaakhi #3

**Page No 764**

**Kitab - Tafseer Abid Khundmiri**

**Huzoor Sas ki Marital Life (Azdawaji Zindagi) ke baare mein Unreliable (Ghair Motebar) aur Galat Riwayataon ka istemaal karke Shaan e Risaalat mein Gustakhi Ki Gayee hai Is Kitaab mein Wo likhe hain**

**"Aan Hazrath Sas ne Jab Bibi Hafsa Rz Ke Ghar mein inki Ghair Haziri mein Bibi Marya Qabtiya se Sohbat ki. Bibi Ne Phir Jab Ghar Waapis aaker Dekha To Darwaza Band Paaya, Phir Jab Darwaza Khulaa aur Aan Hazrath Baaher Nikle Is Haal mein ke Aap ki Peshani per Paseene Ke Khatre They, Bibi Hafsa Rone Lagee.**

**Huzoor Sas se Kahne Lagi ke "Main aap ki Ijaazat se Apne Baap ke Ghar Gayee Thee, Aur Aaj Meri Baari ka Din tha, Lekin aap ne Meri Baari ke Din Mere Ghar, Mere Bistar Per Marya Qabtiya se Sohbat ki" Huzoor SAS ne Farmaya ke Wo Meri Laundi hai aur wo mere liye Halaal hai. Khair agar main Usko apne ooper Haraam Qaraar de loon To Kya Tum Raazi Hojaaogi ?**
**Bibi Marya ne Kaha Haan !**
**Huzoor SAS ne Farmaya ke Ye Baat Tum Apni Had Tak Rakho Kisi aur se na Kaho.**

**Is Riwayat se Kayee Sawal Khade Hote hain**

**1. Huzoor SAS Per Bohtan hai ke aap apni Loundi se Baghair Nikah ke Sohbat Karte they ? Nauzubillah**

**2. Huzoor SAS Per Ilzaam hai ke Aap Apni Bibiyon ki Baariyaon ki Amanat ka Khayal nahi karte they ? Nauzubillah**

**3. Huzoor SAS Per Ilzaam hai ke aap SAS Apni Biwiyaon ko Haq Baat Chupaane ke liye Kahte they aur Unhe Rishwat is Andaaz mein dee ke Unke Walid ko Khalifa Banaya.**

**In Jhooti Riwayataon se Huzoor SAS ki SHaan mein Gustakhi ke Murtakib Hue Hain Abid Khundmiri**

# عابد خوندمیری صاحب کی تفسیر - گستاخی 4

ف۱ کہا جاتا ہے کہ ابتداء اسلام میں افطار کر لینے کے بعد سونے سے پہلے تک کھانا پینا اور بیوی سے ہم بستری مباح تھی سو جانے کے بعد یہ سب چیزیں حرام ہو جاتی تھیں ایک مرتبہ حضرت عمرؓ سونے کے بعد اٹھے بیوی کے پاس کچھ خوشبو کا احساس ہوا تو ہم بستر ہو گئے۔ پھر حضور کی خدمت میں آ کر یہ واقعہ پیش کیا اور اپنے آپ پر ملامت کرنے لگے اور توبہ کرنے لگے حضورؐ نے فرمایا کہ تمہارے لئے یہ کام لائق نہیں تھا اسی



فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۪ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا

اب تم اپنی بیویوں سے مباشرت کرو۔ اور اللہ نے تمہارے لئے جو (اولاد) تجویز کر دی ہے اسکی آرزو کرو کھاؤ اور پیو

حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۪

یہاں تک کہ صبح کی سفید دھاری شب کی سیاہ دھاری سے الگ نمایاں نظر آ جائے

ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ فِي

پھر رات تک اپنا روزہ پورا کرو ف۱ اور جب تم مسجد میں اعتکاف کرتے ہو تو اپنی بیویوں سے مباشرت نہ کرو

الْمَسٰجِدِ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ۭ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ

یہ اللہ کے حدود ہیں ان کے قریب بھی نہ پھٹکنا ف۲ اسی طرح اللہ اپنی آیتوں کو کھول کھول کر بیان کرتا ہے

لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ

تاکہ لوگ پرہیزگار بن جائیں اور تم آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طریقے سے مت کھاؤ

وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ

اور نہ حاکموں کے پاس اس کو پہنچاؤ تاکہ ظلم و زیادتی سے لوگوں کے مال کا کچھ حصہ جان بوجھ کر تم کھا جاؤ ف۳

وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع ۲۳ يَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ۭ قُلْ هِىَ مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ

لوگ آپ سے نئے چاندوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں آپ کہہ دیجئے کہ یہ لوگوں کیلئے اوقات معلوم کرنے کا ذریعہ ہے

وَالْحَجِّ ۭ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ

اور حج کیلئے ف۴ بھی یہ کوئی نیکی نہیں کہ تم اپنے گھروں میں پیچھے کے دروازوں سے آیا کرو بلکہ نیکی اس کی ہے

مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾

جو تقویٰ اختیار کرے اور گھروں میں آؤ تو دروازوں سے آؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو شاید تم کو فلاح نصیب ہو جائے ف۵

وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ

اور جو لوگ تم سے لڑتے ہیں تم ان سے اللہ کی راہ میں لڑو مگر زیادتی نہ کرو ف۶ بے شک اللہ

لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ

زیادتی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا اور ان کو جہاں پاؤ قتل کر دو اور ان کو وہاں سے (اسی طرح) نکال دو



طرح دوسرے لوگوں سے بھی ایسے واقعات ظاہر ہوئے تو اللہ نے اجازت دی کہ صبح تک کھانا پینا اور ہمبستری جائز ہے۔ لباس کہہ کر یہ بتایا گیا کہ میاں بیوی کے تعلقات اتنے قریب کے ہیں جتنا کہ لباس بدن سے قریب ہے

ف۲ لیکن پھر یہ حکم دیا گیا کہ یہ اجازت ان لوگوں کے لئے نہیں ہے جو اعتکاف کرتے ہیں۔ بحالت اعتکاف عورتوں کی قربت سے منع کیا گیا اللہ نے روزہ نیز اعتکاف کی حالت میں کھانے پینے اور مباشرت کے تعلق سے جو احکام بیان کئے ہیں یہی اللہ کے مقرر کردہ حدود ہیں ان کے قریب بھی جانے سے منع اس لئے کیا گیا کہ قریب جانے کی صورت اس بات کا قوی اندیشہ ہے کہ وہ اس منع کردہ امر سے بچ نہ سکیگا

ف۳ دوسروں کا مال باطل طریقے سے کھانے کی کئی صورتیں ہیں (ا) ظلم و زیادتی لوٹ مار ڈاکہ زنی اور غصب کرنا (ب) امانت میں خیانت کرنا (ج) فیصلہ کرنے کے لئے رشوت لینا (د) جھوٹی گواہی دینا (ھ) جوا کھیلنا، گانے کی اجرت لینا ان سب صورتوں میں غیر کا مال حاصل کیا جاتا ہے اور یہ سب باطل طریقے ہیں اس لئے ان سے منع کیا گیا ہے

ف۴ مواقیت میقات کی جمع ہے مراد وقت ہے یہ کہا جا رہا ہے کہ چاند سے وقت معلوم ہوتا ہے اور اس میں بندوں کے کئی مصالح دنیاویہ بھی ہیں اور دینوی بھی مثلاً حج۔ روزہ۔ افطار۔ عورتوں کی عدت۔ حیض کی مدت۔ قرضوں کی ادائی کا وقت وغیرہ مسائل ہیں جو ہلال کے اعتبار سے مقرر ہیں قمری مہینے ہر موسم میں آتے ہیں بخلاف شمسی مہینوں کے کہ وہ ایک ہی حالت میں رہتے ہیں۔

ف۵ جاہلیت کے زمانے میں یہ دستور تھا کہ جب کوئی عمرہ یا حج کا احرام باندھ لیتا اور کسی ضرورت سے گھر جانا پڑتا تو وہ آگے کے دروازے سے گھر میں داخل نہیں ہوتا تھا بلکہ پیچھے کے دروازے سے داخل ہوتا تھا اور وہیں سے نکلتا بھی تھا اگر پیچھے دروازہ نہ ہوتا تو دیوار کو شق کر کے راستہ بنا لیا جاتا تھا۔ اس میں شدت یہاں تک تھی کہ احرام باندھ لینے کے بعد محرم اور آسمان کے درمیان کوئی چھت یا سائبان بھی نہیں ہو سکتا تھا اور اس کو وہ بڑی نیکی کا کام سمجھتے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کے اس عمل پر ٹوکتے ہوئے فرماتا ہے کہ یہ کوئی نیکی نہیں ہے بلکہ اصل نیکی تو تقویٰ ہے اور گھروں میں داخل ہونا ہو تو آگے کے دروازے سے ہی داخل ہو جانا چاہئے۔

ف۶ بوڑھوں، لڑکوں اور عورتوں کو نہ مارو، صرف ان سے لڑو جو تم سے برسر پیکار ہیں۔

**Abid Khundmiri ki Gustaakhi #4**
**Page No 39**
**Kitab - Tafseer Abid Khundmiri**

**Hz Umar Farooq Rz ke Azdawaaji Zindagi (Marital Life) ke Ghair Motebar (Unreliable) aur Galat Riwayataon (traditions) Se Hazrath Umar Rz ki Gustakhi kee Gayee Likhte Hain**

**"Hazrath Umar Farooq Rz ek Martaba Ramazan ke Mahine mein Sone ke baad uthe Aur Mamnooh Auqaat (Prohibited Times) mein Apni Biwi se Hambistar Hogaye (Sex Kare). Phir Huzoor Sas ki Khidmat mein aakar Apne aap per Malaamat Karne Lage"**

**In baataon se Unhone Allah SWT per bhi Bohtaan Bandh diya Jo Allamul Ghuyoob hai, Ke Wo Pahle Kuch Hukum Deta hai, Phir Dekhta hai ke Maqlooq Us per Amal Karsakti hai ya Nahi Phir Mansooq karta hai, Phir Doosra Hukum Deta hai. Nauzubillah**

## Abid Khundmiri ki Gustaakhi #5

**Page No 30**

**Kitab - Tafseer Abid Khundmiri**

**Hz Abdullah Bin Salam Rz ke mutaaliq Ghair Motebar (Unreliable) aur Galat Riwayataon (traditions) ko aam kar ke Ye Bataane ki Koshish ki hai ke Hz Abdullah Bin Salam Rz Ne Allah ki Baat per Apni Baat Kahi, Aur Kaha ke Hz Ko Doubt tha ke Unki Aulaad Unhi ki hai ya Nahi, Kyunke Unko Unki Biwi per Yaqeen nahi tha**

**Likhte Hain**

**Jab Allah ne Kaha ke "Jinko Humne Kitab di hai, wo Unko Istarah Pahchante hain Jistarah Apne Betaon ko Pehchante hain"**
**Aur Hz Abdullah Bin Salam Rz ne kaha ke Rasoolullah SAS ki Pehchan Mere betaon ki bhi pehchan se badkar hai kyun ke Allah ke Rasool Haq hain, Lekin Main nahi Jaanta ke Aurtaon ne Kya Kiya hai (Nauzubillah)**

**Haqeeqat ye hai ke Sahaba Rz ka ye Mamool tha ke hamesha wo kahte ke Allah Aur Uska Rasool Zyada Jaante hain**

**Hz Abdullah Bin Salam Rz ki Shaan Mein Gustakhi Ki**
**Aur**
**Unki Biwi Jo ke Khud Sahabiya hain Unki Shaan mein Gustakhi Ki Binaa Koyee Daleel ke, Binaa Koyee Wajeh ke.**

**Ashaab Rz ki Kirdaar Kashi Karna Munafiqaon ka Aur Munkireen ka Amal Tha, Abid Khundmiri Unhi ki Pairwi mein Gustaakh Saabit Hue.**

## عابد خوندمیری صاحب کی تفسیر - گستاخی 5

ف جن لوگوں کو ماننا ہی نہیں ہے ان کے سامنے آپ ہزار دلیلیں، حجتیں، براہین اور معجزے بھی پیش کریں تو وہ ماننے والے نہیں ہیں۔ اسی طرح یہود و نصاریٰ کے قبلے بھی الگ ہیں۔ یہود بیت المقدس کو قبلہ مانتے ہیں یعنی جہاں صخرہ نامی پتھر ہے۔ اور نصاریٰ مشرق کو قبلہ تسلیم کرتے ہیں۔ یہ خود آپس میں قبلے کے تعلق سے مختلف العقیدہ ہیں یہ آپس میں ایک دوسرے کے قبلے کو نہیں مانتے تو آپ کے قبلہ کعبہ کو وہ کس طرح مان لیں گے۔ اور اگر تالیف قلب کے لئے ان کے قبلہ کو قبلہ مان لیں گے جب کہ آپ کے پاس خدا کی جانب سے بذریعہ وحی حکم آچکا ہے تو آپ کا شمار بھی نافرمانوں میں کر دیا جائے گا۔ یہاں خطاب آنحضرت سے ضرور ہے مگر حکم مسلمانوں کو دیا جا رہا ہے کہ کبھی ایسی بھول نہ کر بیٹھیں جیسے کہا جاتا ہے در سے کہہ رہا ہوں دروازے تو سن۔



بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ وَمَآ اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ وَمَا بَعْضُهُمْ
نشانیاں بھی لائیں تب بھی یہ تمہارے قبلہ کی پیروی نہیں کریں گے اور تم بھی ان کے قبلہ کی پیروی کرنے والے نہیں ہو
بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ مِّنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ
اور ان میں سے بعض، بعض کے قبلے کی پیروی کرنے والے نہیں ہیں۔ اگر تم نے اس علم کے باوجود جو تمہارے پاس آچکا ہے انکی خواہشات کی پیروی کی
مِنَ الْعِلْمِ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٤٥﴾ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ
تمہارا شمار یقیناً ظالموں میں ہو جائے گا ف جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ انکو اس طرح پہچانتے ہیں
كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ
جس طرح کہ وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں۔ مگر ان میں سے ایک فریق جان بوجھ کر حق کو چھپا رہا ہے ف
يَعْلَمُوْنَ ﴿١٤٦﴾ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿١٤٧﴾ وَلِكُلٍّ
یہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے پس تم ہرگز شک کرنے والوں میں سے مت ہو اور ہر ایک امت کیلئے ایک جہت ہے
وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ
جسکی طرف وہ منہ پھیرتا ہے ف پس تم نیکیوں میں سبقت کرو تم جہاں کہیں ہوں گے اللہ تم سب
اللّٰهُ جَمِيْعًا اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿١٤٨﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ
جمع کرے گا بے شک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔ اور تم جہاں سے نکلو (نماز میں
فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ وَمَا اللّٰهُ
اپنا منہ مسجد حرام کے طرف کرلیا کرو ف اور وہ تمہارے پروردگار کی طرف سے حق ہے اور خدا
بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٤٩﴾ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ
تمہاری کارروائیوں سے غافل نہیں ہے۔ اور تم جہاں سے نکلو مسجد حرام کی طرف (نماز میں
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ لِئَلَّا
اپنا منہ کرلیا کرو۔ اور تم جہاں بھی رہو اسی (مسجد حرام) کی طرف (نماز میں) اپنا منہ کرلیا کرو تاکہ
يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ
لوگ تم کو کسی طرح کا الزام نہ دیں البتہ ان میں سے جو ظالم ہیں (وہ ضرور الزام دیں گے) سو ان سے مت ڈر



ف یہ خطاب یہود و نصاریٰ کے علماء سے ہے کیوں کہ توریت اور انجیل میں آنحضرت کی نعت اس طرح بیان کردی گئی ہے کہ ان کی بناء پر وہ آنحضرت کی نبوت کو اچھی طرح پہچانتے ہیں بلکہ جس طرح باپ، دوسرے بچوں میں اپنے بچے کو آسانی سے پہچان لیتا ہے یہ بھی اسی طرح دیگر لوگوں میں آنحضرت کو بطور پیغمبر پہچان لیتے ہیں۔ چنانچہ روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمرؓ نے عبداللہ بن سلامؓ سے اسی آیت کے حوالے سے پوچھا تو حضرت عبداللہؓ نے جواب دیا کہ خدا کی قسم جس وقت میں نے حضور ﷺ کو دیکھا تو فوراً پہچان لیا کہ یہی وہ پیغمبر ہیں جن کی نعت توریت میں مذکور ہے اور محمد ﷺ ہی اللہ کے سچے پیغمبر ہیں اور یہ بھی فرمایا اے عمر محمد رسول اللہ کی پہچان تو میرے بیٹے کی پہچان سے بھی بڑھ کر ہے۔ حضرت عمرؓ نے پوچھا وہ کیسے تو جواب دیا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد اللہ کے رسول ہیں یہ حق ہے اور آپ کے بارے میں اللہ نے ہماری کتاب (توریت) میں اوصاف بیان کردئے ہیں لیکن میں نہیں جانتا کہ عورتوں نے کیا کیا ہے۔ اس پر حضرت عمرؓ نے حضرت عبداللہ بن سلام کو بوسہ دیا اور کہا اللہ نے تم کو نیک توفیق دی بے شک تم نے سچ کہا۔ اس کے بعد اللہ فرماتا ہے کہ اس کے باوجود اہل کتاب کے چند لوگ جان بوجھ کر حق کو یعنی حضور کی نبوت کو (اور اس امر کو بھی کہ نبی کا قبلہ کعبہ ہوگا) چھپا رہے ہیں۔ مشتبہ اور مشکوک کر رہے ہیں حالانکہ وہ اس بات کو جانتے ہیں کہ حق کا چھپانا گناہ ہے۔

ف اگر اس امت کے لئے قبلہ تبدیل ہوا ہے تو یہ کوئی نئی بات نہیں ہے کیونکہ ہر امت کے لئے الگ الگ قبلے مقرر کئے گئے تھے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہر ایک امت کے لئے الگ الگ طریقے، الگ الگ شریعتیں بیان ہوئی ہیں کیوں کہ ان کا تعلق بندوں کی مصلحتوں سے ہوتا ہے پس زمانوں، اشخاص اور حالات کے تحت احکام میں تبدیلی رونما ہوا کی ہے۔

ف مسجد حرام کہتے ہیں اس مسجد کو جس میں خانہ کعبہ ہے اس میں اللہ کی کئی نشانیاں ہیں۔ اس کی کئی خصوصیتیں ہیں مثلاً اس میں داخل ہونے والا مامون ہوتا ہے۔ کسی کو یہاں مارا نہیں جاسکتا۔ کسی جانور کو ستایا نہیں جاسکتا۔ یہاں کی گھاس وغیرہ اکھاڑی نہیں جاسکتی۔ اس مسجد میں رکن یمانی اور مقام ابراہیم بھی ہیں۔ حدیث میں آیا ہے کہ مہدی موعودؑ سے رکن و مقام کے درمیان بیعت کی جائے گی بحمد اللہ حضرت سید محمد جونپوریؒ نے اسی مقام پر ٩٠١ھ میں مہدی موعود ہونے کا دعویٰ فرمایا اور کئی ایک لوگوں نے آپ سے بیعت کی۔ اس دعویٰ کو آج ١٤٠١ھ میں پورے ٥٠٠ سال ہوتے ہیں۔ رسول اللہ ﷺ کے بعد سوائے امامنا حضرت سید محمد جونپوری کے کسی نے حدیث کی شرط (رکن و مقام کے درمیان دعویٰ کرنا اور ضمناً بیعت لینا) کی تکمیل نہیں کی۔ البتہ ١٤٠٠ھ محرم کے اوائل میں محمد بن عبداللہ

# عابد خوندمیری صاحب کی تفسیر - گستاخی 6



الذُّنُوبَ إِلَّا اللَّهُ وَلَمْ يُصِرُّوا عَلَىٰ مَا فَعَلُوا وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿١٣٥﴾
اللہ کے جو گناہوں کو بخش سکتا ہے اور وہ لوگ جان بوجھ کر اپنے (برے) افعال پر اڑے نہیں رہتے ف۱
أُولَٰئِكَ جَزَاؤُهُمْ مَغْفِرَةٌ مِنْ رَبِّهِمْ وَجَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا
ایسے لوگوں کا صلہ ان کے پروردگار کی طرف سے بخشش اور ایسے باغ ہیں جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں
الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا ۚ وَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ ﴿١٣٦﴾ قَدْ خَلَتْ مِنْ
جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور اچھے کام کرنے والوں کا یہ اچھا بدلہ ہے ۔ تم لوگوں سے پہلے بھی
قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
بہت سے واقعات گذر چکے ہیں پس تم زمین میں چلو پھرو اور دیکھو کہ (حق کو)
الْمُكَذِّبِينَ ﴿١٣٧﴾ هَٰذَا بَيَانٌ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ لِلْمُتَّقِينَ ﴿١٣٨﴾
جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا یہ بیان ہے عام لوگوں کے لئے اور ہدایت اور نصیحت ہے اہل تقوٰی کے لئے
وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ﴿١٣٩﴾
اور ہمت نہ ہارو اور غم نہ کرو اگر تم (سچے) مومن ہو تو تم ہی غالب رہو گے
إِنْ يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِثْلُهُ ۚ وَتِلْكَ
اگر تم کو زخم (شکست) لگا ہے تو اسی طرح کا زخم (مخالف) لوگوں کو بھی لگ چکا ہے اور دنوں کو
الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا
(حالات کو) لوگوں کے درمیان ہم اولتے بدلتے رہتے ہیں تاکہ اللہ ایمان والوں کو اچھی طرح جان لے
وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاءَ ۗ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ ﴿١٤٠﴾ وَلِيُمَحِّصَ
اور تم میں سے (حق پرستی کے) گواہ بنالے اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا ف۲ اور یہ بھی مقصود تھا کہ
اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَيَمْحَقَ الْكَافِرِينَ ﴿١٤١﴾ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا
اللہ خالص ایمان والوں کو چھانٹ لے اور کافروں کو نابود کردے کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تم (یوں ہی) داخل ہوجاؤ گے
الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللَّهُ الَّذِينَ جَاهَدُوا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ
جنت میں حالانکہ (ابھی) اللہ نے تم میں سے جہاد کرنے والوں کو معلوم ہی نہیں کیا اور اللہ صبر کرنے والوں کو بھی

ف۱ حضرت مہدی موعود علیہ السلام نے تحیۃ الوضوٗ کی پہلی رکعت میں " والذین اذا فعلوا سے و ھم یعلمون " تک کی آیت پڑھی ہے ۔ اس کا تحیۃ الوضوٗ میں تیمنا و تبرکا پڑھنا بہتر ہے ضروری اور شرط نہیں ہے

روایت ہے کہ آنحضرت نے ایک انصاری اور ایک ثقفی کے درمیان مواخاۃ (بھائی چارگی) قائم کی تھی ۔ ایک غزوہ میں وہ ثقفی آنحضرتؐ کے ساتھ گئے اور وہ انصاری ان کے گھر کی دیکھ بال کیا کرتے تھے ۔ ایک دن انہوں نے ثقفی کی بیوی کو اس حال میں دیکھا کہ وہ غسل کر کے اپنے بال پھیلائے کھڑی تھیں ۔ ان کے دل میں کچھ خیال پیدا ہوا اور بغیر اجازت گھر میں داخل ہوکر ان کے قریب ان سے چمٹنے کے لئے گئے اس خاتون نے اپنا ہاتھ اپنے منہ پر رکھ لیا۔ انہوں نے ان کے ہاتھ کی پشت کو بوسہ دیا۔ پھر نادم ہوگئے پھر شرمسار ہوئے اور پیٹھ پھیر کر بھاگنے لگے ۔ عورت نے کہا سبحان اللہ تم نے امانت میں خیانت کی اور اپنے رب کی نافرمانی کی اور اپنی حاجت بھی پوری نہیں کی ۔ کہتے ہیں کہ ان کو اپنے اس فعل پر اس قدر ندامت ہوئی کہ وہ پہاڑوں میں گھومتے پھرتے تھے اور اپنے خدا سے اپنے گناہ کی مغفرت طلب کرتے تھے پھر وہ ثقفی جب واپس آئے اور ان کی بیوی نے یہ ماجرا کہہ سنایا تو وہ ان کی تلاش میں نکلے۔ لوگوں نے جگہ بتائی وہ وہاں گئے تو دیکھا کہ وہ سجدے میں گرے ہوئے یہ کہہ رہے ہیں اے میرے رب میرا گناہ میرا گناہ ۔ میں نے اپنے بھائی کی خیانت کی ۔ انہوں نے کہا چلو حضور کے پاس جائیں گے پھر وہ دونوں آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے حال سنایا۔ عصر کا وقت تھا پس جبرئیلؑ یہ آیت لیکر نازل ہوئے ۔

ف۲ نشیب وفراز، فتح وشکست بدلتی ہوئی چیزیں ہیں ۔ اس سے اللہ کا مقصود کچھ مومنوں کی جانچ اور بعض مومنوں کو درجۂ شہادت عطا کرنا تھا ورنہ اللہ کافروں سے خوش نہیں تھا کہ ان کو فتح دیدے ۔



## Abid Khundmiri ki Gustaakhi #6

**Page No 92**

**Kitab - Tafseer Abid Khundmiri**

**Ansaari Sahabi ke Muttaliq Ghair Motebar (Unreliable) aur Galat Riwayataon (traditions) ko aam kar raha hai Tajammul ke Wo Gazwe mein Gaye Hue Sahabiki Biwi Per Galat Nazar Rakhte aur unko Molest Kiya**

**Likhte Hain**

**Ek Ansari Sahabi Rz ne Apne Saqafi Deeni Bhai (Jo ke Gazwe mein Gaye hue they) ki biwi ko Is haal mein dekha ke Ghusul karke Apne baal Phailaaye Hue Khadi Thi, To Ansari Sahabi Rz ne Baghair Ijaazat Ghar mein Daakhil Hokar usse Chimat Gaye aur Bosa Liya (Molest kiya)**

**Phir Us Aurat ne Kaha “Ke Tumne Apne Rab ki naafarmani ki aur Apni Haajat bhi Poori Nahi Ki”**

**Astaghfirullah**

In Jhooti Riwayaat ko, Fahash Andaaz mein Quran ki aayaat ke paas mein Tafseer ke bahane se Kyun Likhaa Gaya ??

Is Tafseer se apne aap Ki aur aayinda aane wali Naslaon ke Iman ki hifaazat karein.

## Abid Khundmiri ki Gustaakhi #7
**Page No 899**
**Kitab - Tafseer Abid Khundmiri**

**Amanat ki Topic per baat karte hue 3 Pages Likhe Gaye aur ye Saabit Kiye hain ke Baare Amanat Ya to Deedar e Ilaahi hai Ya Qitaal hai.**

Lekin Article ke aakhir mein ek 3 line ke paragraph mein inhone jo likha hai, usse kuch aur hi baat nikal kar aayee hai.

**Likhte Hain**
**"Allah ne To Maal Aur Aulaad Ko Fitna Farmaya hai, Quran ne Jinko Fitna Qaraar Diya Hai, Wo Amaanat Kis Tarah Hojaayengey"**

Choon ke Badla e Zaat e Mahdi Ahs ki baat chal rahi thi, to Zyada Mumkin lag raha hai ke Mufassir Sawaliya Yahi Bataana Chahrahe hain ke

Mahdi Ahs ki Aulaad Kaise Amaanat Hojaayegi Ya Kaise Baare Amaanat Uthaa Sakti hai Ya Kaise Badle Zaat Mahdi Ho Sakti hai
Kyunke Abid Khundmiri
Mahdi Ahs ki Aulad ko Bhi Mahdi Ahs ke Liye Fitna Samajh rahe hain
Allah Ki Panah
Agar Hum ne Galath Samjha hai to Mufassir Ko Chahiye ke Wo Iski Wazaahat karein



چنانچہ حضرت بندگی میاں نے جس طرح فرمایا تھا اسی طرح چشم سر سے بینائی کا وقوع بھی ہوگیا۔ جیسا کہ شاہ برہانؒ سے روایت آئی ہے "منقول ہے کہ بندگی میاں نے بعبارت میاں یا امر حضرت رحماں اس طرح فرمایا کہ قتال کے دن خداوند تعالیٰ نے اپنے فضل و نوال سے سب لوگوں کو اپنی ذات مطلق کی بینائی بے چون و بے چگونہ بے شبہ و بے نمونہ چشم سر سے کاملین کو دن کے پورے چار پاس اور ناقصین کو دن کے پورے دو پاس عنایت کرے گا۔ ہاں جس طرح بندگی میاںؓ نے فرمایا تھا اسی طرح واقع ہوا۔

اس موقع پر اگر یہ کہا جائے کہ حملها الانسان تو عام ہے پھر بندگی میاںؓ کی تخصیص کیسی؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ ایسی تخصیص قرآن شریف کی بعض آیتوں میں کی گئی ہے اور وہ مشہور بھی ہے اور مقبول بھی چنانچہ آیت شریفہ الذین یقیمون الصلواۃ ویؤتون الزکوۃ وھم راکعون (مائدہ) یعنی جو لوگ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اس حال میں کہ وہ رکوع کرنے والے ہیں مومنوں کی صفات بیان کی گئی ہیں لیکن جب آنحضرت ﷺ نے حضرت علیؓ کے حق میں اس کی تخصیص فرمادی تو اب کسی کو انکار کی گنجائش باقی نہیں رہی۔ حالانکہ آیت میں صیغے جمع کے ہیں۔ یعنی یقیمون ویؤتون اور راکعون پھر بھی آنحضرت نے اس کا مصداق حضرت علیؓ کو قرار دیا جو فرد واحد ہیں چنانچہ تفسیر مدارک میں ہے کہ "یہ آیت حضرت علیؓ کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اسی طرح وسیجنبها الاتقی الذی یوتی ماله یتزکی وما لاحد عنده من نعمة تجزی الا ابتغاء وجه ربه الاعلی ولسوف یرضیٰ (اور اس دوزخ) سے بچالیا جائے گا۔ زیادہ ڈرنے والا جو اپنا مال دیتا ہے دل (یا مال) پاک کرنے کو اور اس پر کسی کا احسان نہیں ہے جس کا وہ بدلہ دے بجز اپنے اعلیٰ پروردگار کی خوشنودی حاصل کرنے کے اور آگے بھی وہ راضی ہوگا (سورہ لیل)

ان آیات کے ذیل میں یہ تنبیہ لکھی گئی ہے "اگرچہ یہ مضمون آیات کا عام ہے لیکن روایات کثیرہ شاہد ہیں کہ ان آخری آیات کا نزول سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ کی شان میں ہوا ہے اور یہ بہت بڑی دلیل ان کی فضیلت اور برتری کی ہے۔ زہے نصیب اس بندے کے جس کے اتقی ہونے کی تصدیق آسمان سے ہو "إن اکرمکم عند الله اتقاکم" اور خود حضرت حق سے اس کو "ولسوف یرضیٰ" کی بشارت سنائی جائے۔ فی الحقیقت حضرت ابوبکر صدیقؓ کے حق میں ولسوف یرضیٰ کی بشارت ایک انعکاس ہے اس بشارت عظمیٰ کا جو آگے نبی کریم ﷺ کے حق میں آرہی ہے "ولسوف یعطیک ربک فترضیٰ" (ترجمہ محمود الحسن اور تفسیر شبیر احمد عثمانی صاحب)

لیکن یہاں اس امر کی بھی توضیح ضروری ہے کہ اس طرح کی تخصیص کا حق یا تو حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو ہے کہ آپ پر قرآن شریف کا نزول ہوا۔ یا پھر حضرت محمد مہدی مراد اللہ علیہ السلام کو ہے کہ آپ کا منصب ہی اللہ کے کلام کی مراد کو بیان کرنا تھا۔ قرآن شریف کا بلکہ اللہ کے تمام صحیفوں اور کتابوں کا خصوصی طرز یہی رہا ہے کہ وہ عموماً اوصاف کو پیش کرتے ہیں۔ اشخاص کو نہیں جب کہ ان کا تعلق اخبار مغیبہ سے ہو۔ نزول قرآن کے وقت میں بھی مورد اگرچہ مخصوص ہوتا تھا لیکن آیت کا معنی اور مفہوم بلکہ الفاظ عمومیت کے رنگ میں ہوتے تھے۔"

نزول کے بعد آنحضرت نے جب تخصیص فرمادی تو منشاء ایزدی کے ساتھ "مخص خص" کا مقام معلوم ہوا اسی طرح بیان قرآن کے وقت جب حضرت امام مہدی علیہ السلام نے تخصیص فرمادی تو اللہ کی مراد کے ساتھ "مخص خص" کا مرتبہ معلوم ہوا۔

خلیفۃ اللہ معصوم عن الخطا کے بیان کے بعد جو علمت من الله بلا واسطة جدید الیوم کا مظہر ہوتا تھا جب مفسرین کی توضیحات اور توجیہات مرجوح ہو جاتی ہیں اور آپ کا بیان قطعی الثبوت اور واجب الایمان ہو جاتا ہے تو اگر ایک عام آدمی اپنی طرف سے امانت کے سلسلے میں لب کشائی کرے تو اس کی کیا قیمت ہو سکتی ہے۔ اللہ نے تو مال اور اولاد کو "فتنہ" فرمایا ہے۔ انما اموالکم واولادکم فتنہ۔ قرآن نے جن کو فتنہ قرار دیا ہے وہ امانت کس طرح ہو جائیں گے۔

اگر امانت کیا ہے بتانا مقصود تھا اور وہ پورے تین صفحات میں بتا چکے تھے تو اپنے مزمون کو اس بات پر ختم کرنا کہ قرآن نے جن کو فتنہ قرار دیا ہے وہ امانت کس طرح ہو جاینگے
یہاں پر کس کی اولاد سے مفسر مخاتب ہیں؟؟
چونکہ بدلے ذات مہدی علیہ السلام کی بات چل رہی ہے تو زیادہ ممکن لگرہا ہے کہ مفسر سوالیہ یہی پوچھ رہے ہیں کہ مہدی علیہ السلام کی اولاد کیسے امانت ہوجاینگے یا کیسے بار امانت اٹھا سکتی ہے یا کیسے بدل ذات مہدی ہو سکتی ہے
**کیونکہ وہ مہدی کی اولاد کو بھی مہدی کے لیے فتنہ سمجھ رہے ہیں**
اللہ کی پناہ
اگر ہم نے غلط سمجھا ہے تو مفسر کو چاھیے کہ وہ اس کی وضاحت کریں

# Page No 324

**Ek Sahabi ke paas ek martaba ek aurat Khajoor Khareedne aayi, Iske Shohar Kisi Jihad mein Shirkat ke liye Gay Hue they, Inhone Kaha ke Mere Mein Is se Achi Khajoorein hain, Wo Is Aurat ko Lekar Ghar Gaye wahan inhone Ks Ka Bosa Leliya.......**



كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

حکم دیا گیا ہے اس پر قائم رہئے ۔ اور وہ بھی جو آپ کے ساتھ توبہ کر کے آپ کے ساتھ ہیں اور سرکشی نہ کرو ف۱ وہ تمہارے اعمال

بَصِيْرٌ ﴿١١٢﴾ وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا

دیکھ رہا ہے اور ان ظالموں کی طرف مائل نہ ہونا ورنہ تم کو دوزخ ملے گی اور

لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿١١٣﴾ وَاَقِمِ

اللہ کے سوا تمہارا کوئی دوست نہیں پھر تم کو کہیں سے مدد نہ ملے گی ف۲ اور آپ

الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ يُذْهِبْنَ

نماز کی پابندی کیجئے دن کے دونوں سروں پر اور رات کے کچھ حصوں میں بے شک نیکیاں برے کاموں کو

السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿١١٤﴾ وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ

مٹا دیتی ہیں ف۳ یہ نصیحت ہے نصیحت قبول کرنے والوں کے لئے اور صبر کیجئے کیوں کہ اللہ

لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١١٥﴾ فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ

نیکو کاروں کے اجر ضائع نہیں کرتا ف۴ جو امتیں تم سے پہلے گذر چکی ہیں ان میں ایسے افراد

قَبْلِكُمْ اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا

کیوں نہ ہوئے جو ملک میں فساد پھیلانے سے (لوگوں کو) روکتے ۔ بجز چند لوگوں کے جن کو

مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَ

ان میں سے ہم نے بچالیا ۔ اور جو ظالم تھے وہ ان ہی راہوں میں ہیں جن میں عیش و آرام تھا

كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿١١٦﴾ وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّ

اور وہ لوگ جرائم پیشہ ہی تھے ف۵ اور آپ کا پروردگار ایسا تو نہیں کہ وہ بستیوں کو زبردستی

اَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿١١٧﴾ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً

تباہ کر دے جبکہ وہاں کے باشندے نیک ہوں اور اگر آپ کا پروردگار چاہتا تو تمام لوگوں کو

وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿١١٨﴾ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ

ایک ہی طریقہ کا کر دیتا ۔ اور وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے بجز ان کے جن پر آپ کے رب نے رحم کیا ف۶ اور اسی واسطے



ف۱ اللہ تعالیٰ وحی کے ذریعہ جو احکام آپ کو دے رہا ہے ان پر ثابت قدمی کے ساتھ عمل کیجئے ۔ اسی طرح جو لوگ آپ کے ساتھ اب ہو گئے ہیں ان کو بھی چاہئے کہ وہ بھی احکام الٰہی پر ثابت قدم رہیں اور ان کو چاہئے کہ کسی قسم کی سرکشی نہ کریں یعنی اوامر اور نواہی کے سلسلے میں جو حدود مقرر کی گئیں ہیں نہ ان سے آگے بڑھیں اور نہ پیچھے ہٹیں ۔

ف۲ ماقبل آیت میں طغیان (حد سے آگے بڑھنے) سے منع کیا گیا ہے ۔ یہاں ظالموں کی طرف "میلان" سے بھی منع کیا جا رہا ہے مطلب یہ کہ ان سے دوستی محبت ان کی طرف جھکاؤ ان کی تعریف و توصیف و تعظیم سے منع کیا گیا ہے کیونکہ اندیشہ ہے کہ آج کا ان کی طرف "میلان" کل طغیان تک لے جائے گا اور آگ کی لپٹ سے بچ نہ سکیں گے ۔ پھر اللہ کے سوا کسی سے مدد بھی نہ ملے گی اور جب اللہ کے دشمنوں سے دوستی ہو گی تو اللہ کی مدد سے بھی محروم ہو جائیں گے ۔

ف۳ روایت ہے کہ ابوالیسر کے پاس ایک مرتبہ ایک عورت کھجور خریدنے کے لئے آئی اس کے شوہر کسی جہاد میں شرکت کے لئے گئے ہوئے تھے انہوں نے کہا کہ میرے گھر میں اس سے اچھی کھجوریں ہیں وہ اس عورت کو لیکر گھر گئے وہاں انہوں نے اس کا بوسہ لے لیا ۔ پھر اپنے کئے پر پچھتائے اور حضرت ابوبکرؓ کے پاس آئے اور یہ واقعہ بیان کیا ابوبکرؓ نے فرمایا کسی سے اس کا تذکرہ مت کرو اور توبہ کرو ۔ پھر بھی ان سے رہا نہ گیا وہ حضرت عمرؓ کے پاس گئے اور اس حادثہ کا ذکر کیا عمرؓ نے بھی وہی فرمایا پھر وہ آنحضرتؐ کے پاس گئے اور یہ واقعہ بیان کیا ۔ آپ نے فرمایا کہ غازی بھائی کی امانت میں خیانت کی پھر کافی دیر تک آپ سر نیچا کئے بیٹھے رہے اتنے میں جبرئیل علیہ السلام یہ آیتیں لیکر آئے اس آیت میں دن اور رات میں پڑھی جانے والی نمازوں کا ذکر ہے ۔ دن کے دونوں طرف سے بھی مراد فجر اور عصر یا مغرب ہے اور رات کی نماز سے مراد عشاء اور تہجد ہے اور بعض کہتے ہیں کہ دن کی نمازوں سے مراد فجر ظہر اور عصر ہے اور رات کی نمازوں سے مراد مغرب اور عشاء ہے چونکہ ان صحابی نے فقط بوسہ لیا تھا اور کوئی حرکت نہیں کی تھی تو ان آیتوں کے نازل ہونے کے بعد آنحضرتؐ نے ان سے فرمایا ۔ وضو کرو اور دو رکعت نماز پڑھو تو دوسرے صحابہ نے پوچھا کہ یہ حکم خاص ان کے لئے ہے یا عام مسلمانوں کے لئے بھی ۔ فرمایا یہ حکم عام مسلمانوں کے لئے ہے اس آیت میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ نیک کام برے کاموں کو مٹا دیتے ہیں ۔ روایتوں میں آیا ہے پانچوں نمازیں اور جمعہ کی نماز ان کے درمیان کئے جانے والے گناہ صغیرہ کا کفارہ بن جاتی ہیں نیز حدیث میں آیا ہے کہ گناہ صغیرہ کا کفارہ نمازیں اور دیگر نیک اعمال بن جاتے ہیں البتہ گناہ کبیرہ کے لئے توبۃ النصوح ضروری ہے اور توبہ کے لئے تین شرطیں ہیں ۔ ایک گناہ سے اپنے آپ کو دور رکھنا دوسرے صدق دل سے ندامت کا اظہار کرنا تیسرے زندگی میں پھر کبھی اس گناہ کا اعادہ نہ کرنا ۔

ف۴ اللہ نے نماز کے ساتھ صبر کا ذکر نیکیوں پر استقامت اور مصائب ا اذی کی پرواہ نہ کرنے کے سلسلے میں فرمایا ہے ۔ یہاں بھی نماز کے رصبر کا حکم دیا ہے کیوں کہ اللہ کی مدد اور نصرت ان ہی دو چیزوں سے مل سکتی ہے ۔

ف۵ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے فریضے کی طرف توجہ دلایا جا رہا ہے اور یہ حقیقت بیان کی جا رہی ہے کہ پچھلی قوموں کی تباہی کے ذمہ دار وہ لوگ تھے جو صاحبان سمجھ اور اہل خیر تھے ۔ لیکن وہ سماج میں پلنے والی برائیوں کو دیکھ کر بھی انجان بنے رہے اور ان کی اصلاح کی کوشش نہیں کی جس کی وجہ سے ان پر عذاب نازل ہوا ۔ بروں کے ساتھ اچھے بھی نابود ہو گئے نیک لوگ اس امر پر خوش نہ ہوں کہ وہ نیک ہیں ۔ ان کا یہ فرض ہے کہ نیکی کو عام کریں اور برائیوں سے سماج کو پاک کریں ۔

ف۶ الا من رحم ربک کے ذریعہ جو استثناء ہے وہ استثناء متصل ہے مطلب یہ کہ جو لوگ حق پرستی کی راہ پر چلے اللہ نے ان پر رحم فرمایا اور یہی لوگ اختلاف کرنے والوں سے مستثنیٰ ہیں ۔

<u>**Tafsir Abid Khundmiri**</u>

<u>**Page No : 624**</u>

**Hazrath Sulaiman Ahs ke Haram mein 99 Ya 100 Biwiyan thi, Aap ne ek din Qasam Khayee ke main AAJ RAAT sab ke paas Shab Basri Karoonga aur har ek se ek beta hoga Jo Jihaad mein Hissa Lega.. Farishte ne kaha Inshallah Kahna Chahiye, Aap ne Nahi Kaha. ...... Till end**

---

**He writes .... Hazrath Sulaiman Ahs had 99 or 100 Wives and One Day Hazrath took a pledge to have sex with all 100 wives in One Night and he did that.**

---

ف۱ اللہ کا کوئی کام مصلحت سے خالی نہیں ہے یہ دنیا جو بنائی ہے اس میں بھی یہی مصلحت ہے کہ وہ دیکھنا چاہتا ہے کہ کون اسی دنیا کو سب کچھ سمجھ کر اسی کا ہو رہتا ہے اور کون اس دنیا میں رہ کر اللہ کے احکام کے مطابق زندگی گذارتا ہے اور یہ یقین کرتا ہے کہ اس زندگی کے بعد ایک دوسری زندگی بھی ہے جہاں مجھے میرے اعمال کا حساب دینا ہوگا۔ تو جو یہ سمجھتا ہے کہ بس یہی زندگی ہے کھاؤ پیو اور عیش کرو۔ نہ آخرت ہے نہ حساب و کتاب ان کیلئے جہنم ہی ٹھکانہ ہے۔

ف۲ جب نیک اور بد ایک نہیں ہو سکتے تو یہ معلوم ہونا ضروری ہے کہ نیکی کیا ہے اور بدی کیا۔ اسی بات کو سمجھانے کے لئے اللہ نے یہ بابرکت کتاب یعنی قرآن حکیم کو نازل فرمایا ہے تاکہ لوگ اس کو پڑھیں سنیں اور اس کی آیتوں پر غور کریں اور اس سے نصیحت حاصل کریں ورنہ کیسے معلوم ہوگا کہ نیکی کیا ہے اور بدی کیا ہے ؟

ف۳ جب سلیمانؑ کے سامنے اصیل اور تیز رفتار گھوڑے پیش کئے گئے جو آپ نے جہاد کے لئے تیار رکھے تھے تو آپ ان کے معائنے میں اسقدر مشغول ہو گئے کہ عصر کی نماز کا وقت کب آیا پتہ ہی نہیں چل سکا یہاں تک کہ آفتاب غروب ہو گیا۔ تو آپ کو عصر کی نماز (یا تسبیح) کے فوت ہو جانے پر کافی رنج ہوا اور کہنے لگے کہ مال کی محبت میں اللہ کی یاد سے غافل ہو گیا۔ پھر آپ نے دوبارہ ان کو حاضر کرنے کا حکم دیا اور ان سب کو قتل کر دیا۔ یہ گویا ایک قسم کا کفارہ تھا اور یہ بتانا تھا کہ جس مال کی محبت نے اللہ کی یاد سے غافل کر دیا اسے نظروں کے سامنے سے ہٹا دینا چاہئے۔

ف۴ حضرت سلیمانؑ کے حرم میں ننانوے یا سو بیویاں تھیں۔ آپ نے ایک دن قسم کھائی کہ میں آج رات سب کے پاس شب بسری کروں گا اور ہر ایک سے ایک بیٹا ہوگا جو جہاد میں حصہ لیگا۔ فرشتے نے کہا کہ ان شاء اللہ کہنا چاہئے۔ آپ نے زبان سے نہیں کہا اللہ کی قدرت کہ کسی بیوی سے کچھ پیدا نہیں ہوا۔ سوائے ایک بیوی کے کہ اس سے بھی ادھورا بچہ پیدا ہوا۔ دایہ نے اسی ادھورے بچے کو لا کر آپ کی کرسی پر ڈال دیا جس کو قرآن میں دھڑ کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔

ف۵ یہ دیکھ کر سلیمانؑ متنبہ ہوئے۔ اللہ سے مغفرت مانگی اور دعا کی کہ بار الہ مجھے ایسی عظیم الشان حکومت و سلطنت عطا فرما کہ میرے بعد پھر کسی کو ایسی سلطنت نہ ملے۔ یعنی میرے بعد اس معاملے میں کوئی میرا مثیل نہ ہو۔ بلکہ یہ حکومت باقی رہے اور کوئی اس کو مجھ سے چھین نہ لے۔ حدیث میں آیا ہے کہ ہر نبی کو ایک ایسی دعا کا حق دیا گیا ہے جو اللہ کے پاس مقبول ہوتی ہے۔ شاید سلیمانؑ کی یہی دعا ہو جو مقبول ہو گئی۔ چنانچہ ہوا اور جنات بھی آپ کے تابع کر دئے گئے۔ پرندوں کی بولیاں بھی آپ سمجھتے تھے وغیرہ۔ لیکن پیغمبر سلیمانؑ کی اس دعا سے یہ مفہوم نہیں لیا جا سکتا کہ آپ نے تو دنیا داری کی حد کر دی جو ایسی دعا کی ۔ حاشا للہ۔ سلیمانؑ پیغمبر تھے اور ساتھ ہی شاہزادے تھے ان دونوں منصبوں اور حیثیتوں کو سامنے رکھیں تو بات واضح ہوتی ہے کہ سلیمانؑ نے عظیم سلطنت کی جو دعا مانگی وہ صرف دنیوی اقتدار، جاہ اور مرتبہ کے لئے نہیں بلکہ اس کا مقصد یہ تھا کہ اللہ کے دین کی تبلیغ زور و شور کے ساتھ کسی کی ممانعت اور رکاوٹ کے بغیر کر سکیں۔ ورنہ جو ہستی ایک نماز سے غفلت ہو جانے پر کئی اصیل گھوڑوں کو قربان کر دیتی ہے اس کے تعلق سے یہ بدگمانی نہیں کی جا سکتی کہ وہ جاہ و اقتدار کے طالب تھے۔

وما لی ۲۳ ۶۴۴ ص ۳۸

لِّلَّذِينَ كَفَرُوا مِنَ النَّارِ ﴿۲۷﴾ أَمْ نَجْعَلُ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

کافروں کے لئے بڑی خرابی ہے یعنی دوزخ ف۱ تو کیا ہم ان لوگوں کو جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے

كَالْمُفْسِدِينَ فِي الْأَرْضِ أَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِينَ كَالْفُجَّارِ ﴿۲۸﴾ كِتَابٌ أَنزَلْنَاهُ

ان کی طرح کر دیں گے جو ملک میں فساد کرتے ہیں یا ہم پرہیزگاروں کو بدکاروں کی طرح کر دیں گے یہ ایک بابرکت کتاب

إِلَيْكَ مُبَارَكٌ لِّيَدَّبَّرُوا آيَاتِهِ وَلِيَتَذَكَّرَ أُولُو الْأَلْبَابِ ﴿۲۹﴾ وَوَهَبْنَا

ہے جو ہم نے آپ پر نازل کی ہے تاکہ لوگ اس کی آیتوں میں غور کریں اور تاکہ اہل دانش نصیحت حاصل کریں ف۲ اور ہم نے

لِدَاوُودَ سُلَيْمَانَ نِعْمَ الْعَبْدُ إِنَّهُ أَوَّابٌ ﴿۳۰﴾ إِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ

داؤد کو سلیمانؑ عطا کیا بہت اچھے بندے تھے کہ اللہ کی طرف رجوع ہونے والے تھے جب شام کے وقت ان کے

الصَّافِنَاتُ الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾ فَقَالَ إِنِّي أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَن ذِكْرِ رَبِّي

سامنے اصیل گھوڑے پیش کئے گئے تو کہنے لگے (افسوس) میں مال کی محبت میں (لگ کر) میرے رب کی یاد سے

حَتَّىٰ تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾ رُدُّوهَا عَلَيَّ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوقِ وَ

غافل ہو گیا یہاں تک کہ (آفتاب) پردے میں چھپ گیا حکم دیا کہ ان گھوڑوں کو پھر میرے سامنے لاؤ پھر ان

الْأَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾ وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ

کی ٹانگوں اور گردنوں پر (تلوار سے) ہاتھ صاف کرنا شروع کیا ف۳ اور ہم نے سلیمانؑ کی آزمائش کی اور ان کے

أَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي وَهَبْ لِي مُلْكًا لَّا يَنبَغِي لِأَحَدٍ مِّن

تخت پر ایک دھڑ ڈال دیا ف۴ پھر انہوں نے خدا کی طرف رجوع کیا اور دعا کی اے رب میری مغفرت فرما اور مجھ کو

بَعْدِي إِنَّكَ أَنتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيحَ تَجْرِي بِأَمْرِهِ رُخَاءً

ایسی بادشاہت عطا فرما کہ میرے بعد کسی کو شایاں نہ ہو بے شک تو بڑا عطا کرنے والا ہے پھر ہم نے ہوا کو ان کے

حَيْثُ أَصَابَ ﴿۳۶﴾ وَالشَّيَاطِينَ كُلَّ بَنَّاءٍ وَغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾ وَآخَرِينَ مُقَرَّنِينَ

زیر فرمان کر دیا کہ وہ ان کے حکم سے وہ جہاں جانا چاہتے نرم چلتی اور جنات کو بھی ان کا تابع کر دیا ف۵ یعنی عمارتیں بنانے والے

فِي الْأَصْفَادِ ﴿۳۸﴾ هَٰذَا عَطَاؤُنَا فَامْنُنْ أَوْ أَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾ وَإِنَّ

[illegible]

منزل ۶

ف۶ جو جنات سرکش اور نافرمان تھے ان کو زنجیروں میں باندھ کر مقید رکھا گیا تھا تا کہ لوگوں کو ایذا نہ پہنچا سکیں۔

ف۷ اس آیت کے دو مطلب ہو سکتے ہیں ایک تو یہ کہ جو کچھ دیا گیا ہے وہ ہماری بخشش ہے اب تم اس کا استعمال جس طرح چاہو کرو۔ اگر اس میں سے کسی کو دینا چاہو تو دے سکتے ہو اور نہ دینا چاہو تو بھی تمہارا اختیار ہے تم سے اس بارے میں کوئی پوچھ کوئی حساب نہیں ہے۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ جن جنوں کو تابع اور قیدی بنا کر رکھ رہے ہو ان میں سے کسی پر احسان کرتے ہوئے رہا کر دو یا ان کو اسی طرح روک رکھو تم کو اس کا اختیار ہے اس پر بھی تم سے کوئی پوچھ نہ ہوگی۔

**Tafsir Abid Khundmiri**

**Page No 581**

**Dawood Ahs ki 100 Biwiyan thi,**

**Sulaiman Ahs ki 300 Biwiyan Thi aur 700 Laundiyan Thi**

**Page No 624 Per Likhe ke Hz Sulaiman Ahs ke Haram mein 99 Ya 100 Biwiyan Thi, Aap ne Ek Qasam Khayee ke Main Aaj Raat sab ke paas Shab Basri Karoonga...... (Which one to believe 100 or 1000 ??)**

**Jis aayat (33:38) ki tafseer mein ye laaye hain Us se Is baat ka koyee taaluq nahi..... Kya Ye Qaum e Mahdavia ki Tafseer hai ??**

ف۱ جب اللہ نے کسی کام کا حکم دے دیا تو پھر پیغمبر پر اس کی تعمیل میں تنگی کیسی؟ تمام پیغمبر تو مبعوث ہی اس کام کے لئے ہوئے ہیں کہ ان کی طرف جو باتیں اور جو احکام بھیجے جاتے ہیں ان کو بلا کم و کاست پہنچا دیں۔ ہر پیغمبر نے یہی کام کیا اس میں کسی سے ڈرنے اور کسی سے شرم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ چنانچہ داؤد علیہ السلام کی سو بیویاں تھیں۔ سلیمان علیہ السلام کی تین سو بیویاں تھیں۔ اور سات سو لونڈیاں تھیں۔ اسی طرح آنحضرتؐ کو بھی اللہ نے نکاح کے معاملہ میں وسعت دی

ف۲ جب آنحضرتؐ نے بی بی زینبؓ سے نکاح کرلیا تو لوگ کہنے لگے کہ محمدؐ نے اپنے بیٹے کی بیوی سے نکاح کرلیا تو اللہ نے یہ آیت نازل کی کہ سب جانتے ہیں کہ آنحضرتؐ تم میں سے کسی بھی مرد کے باپ نہیں ہیں۔ اگر ایسا ہوتا تو سسرال کے سبب نکاح کی حرمت ثابت ہوتی۔ زید کے والد کا نام تو حارثہ تھا۔ وہ آنحضرتؐ کے بیٹے کس طرح ہو سکتے ہیں۔ رہی یہ بات کہ آنحضرتؐ کے بچے قاسم۔ طیب اور طاہر تھے تو اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بچے ہی تھے اور بچپن میں ہی انتقال ہو گیا جبکہ وہ بلوغت کو پہنچ کر ''مرد'' نہیں بنے تھے۔ البتہ آپ اللہ کے رسول ہیں۔ اور ہر نبی اپنی امت کا باپ ہی ہوتا ہے تعظیم توقیر کے اعتبار سے اور آپ خاتم النبیین ہیں۔ یعنی آپ پر نبوت ختم ہوگئی۔ آپ کے بعد یا آپ کے ساتھ کوئی نبی نہیں ہوگا۔ اس کا مطلب ابن عباسؓ نے یہ بیان کیا کہ اگر آپ پر نبوت ختم نہ ہوتی تو آپ کو اللہ بیٹا دیتا جو آپ کے بعد پیغمبر ہوتا۔ اگر یہاں یہ کہا جائے کہ آخر زمانے میں عیسیٰ علیہ السلام آئیں گے اور وہ نبی ہیں۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ آخر زمانے میں جب آپ تشریف لائیں گے تو حضور کی شریعت پر عمل کریں گے۔ آپ کا کلمہ پڑھیں گے اور آپ ہی کے کسی امتی کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔

ف۳ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اللہ نے بندوں پر جو فرائض عائد کئے ہیں ان میں سے ہر ایک فرض کی ایک حد ہے۔ اور عذر کی صورت میں ان کو معذور قرار دیا گیا ہے۔ سوائے ''ذکر اللہ'' کے کہ نہ اس کی کوئی حد ہے اور نہ کوئی عذر ہے۔ بجز اس صورت کے بندہ مغلوب الحال ہو۔ اللہ کے ذکر کا حکم جملہ احوال میں دیا ہے۔ یعنی کھڑے ہوئے۔ بیٹھے ہوئے اور لیٹے ہوئے۔ پھر ذکر کو کثیر سے جوڑ دیا یعنی رات میں دن میں۔ خشکی میں تری میں صحت میں بیماری میں اور پوشیدہ طور پر اور علانیہ۔ یہ بھی کہا گیا کہ ذکر کثیر سے مراد یہ ہے کہ اس کو کبھی نہ بھولیں۔ اور صبح و شام یعنی ہمیشہ اس کی پاکی بیان کریں آنحضرتؐ نے فرمایا افضل الذکر الذکر الخفی۔ نیز فرمایا افضل الذکر لا الہ الا اللہ۔ اسی لئے حضرت مہدی علیہ السلام نے ذکر خفی کی تعلیم دی ایسا ذکر جس میں نہ زبان ہلتی ہے اور نہ ہونٹ۔ بس پاس انفاس کا لحاظ ہو مرشد کے مشاہدہ کے ساتھ ذکر خفی ہو۔ اس ذکر کے لئے پاکی ناپاکی کی بھی کوئی شرط نہیں ہے۔ پاک ناپاک جنبی حائض نفاس والی سب کرسکتے ہیں۔

ف۴ اللہ کی طرف سے صلاۃ سے مراد اس کی رحمت ہے اور فرشتوں کی طرف سے صلوۃ سے مراد استغفار ہے۔ اس کا مقصد یہ کہ کفر کی تاریکی سے نکال کر ایمان کے نور کی طرف لیجائیں اور اللہ عام مومنوں پر بھی رحیم ہے۔

ف۵ اللہ کی جانب سے سلام کا تحفہ ملے گا۔ یا یہ کہ جب فرشتے مومن کی روح قبض کرنے کے لئے آئیں گے تو پہلے اللہ کی طرف سے سلام سنائیں گے یا جب مومنین قبر سے اٹھیں گے تو فرشتے ان کو سلام کریں گے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ ہر قسم کی آفت سے تم کو سلامتی ہے۔



سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۭ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا

جو لوگ پہلے گذر چکے ہیں ان میں بھی اللہ کا یہی دستور رہا ف۱ اور اللہ کا حکم تجویز کیا ہوا ہے

مَّقْدُوْرَا ۝۳۸ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ

یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ کے پیغامات جوں کے توں پہنچایا کرتے تھے اور اللہ سے ہی ڈرتے تھے اور اللہ کے سوا

اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝۳۹ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ

کسی سے نہیں ڈرتے تھے۔ اور اللہ حساب لینے کے لئے کافی ہے۔ محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ

رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّـبِيّٖنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ

نہیں ہیں بلکہ اللہ کے رسول اور پیغمبروں کی مہر (خاتم نبوت) ہیں اور اللہ ہر چیز سے

شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝۴۰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝۴۱ وَّ

واقف ہے ف۲ اے ایمان والو تم اللہ کو کثرت سے یاد کرو ف۳ اور

سَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۴۲ هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰۗىِٕكَتُهٗ

صبح و شام اس کی تسبیح کرتے رہو۔ وہی تو ہے جو خود بھی اور اس کے فرشتے بھی تم پر رحمت بھیجتے ہیں تاکہ

لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝۴۳

تم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لائے اور اللہ مومنوں پر مہربان ہے ف۴

تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ښ وَاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ۝۴۴ يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ

جس دن وہ اللہ سے ملیں گے تو ان کو اللہ کی طرف سے سلام کا تحفہ ملے گا اور اس نے ان کے لئے عمدہ صلہ تیار کر رکھا ہے ف۵

اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۝۴۵ لا وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ

اے پیغمبر ہم نے آپ کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا اور اللہ کی طرف اللہ کے حکم سے

وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ۝۴۶ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا

بلانے والا اور روشن چراغ بنا کر بھیجا ہے ف اور مومنوں کو خوشخبری سنا دیجئے کہ ان کے لئے اللہ کی جانب سے بڑا

كَبِيْرًا ۝۴۷ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَ

فضل ہوگا اور کافروں اور منافقوں کا کہنا نہ مانئے اور ان کی اذیتوں پر دھیان نہ دیجئے

ع ۵ / ۲



(بقیہ اگلے صفحہ پر)

## Page No 581

ف جب اللہ نے کسی کام کا حکم دے دیا تو پھر پیغمبر پر اس کی تعمیل میں تنگی کیسی؟ تمام پیغمبر تو مبعوث ہی اس کام کے لئے ہوئے ہیں کہ ان کی طرف جو باتیں اور جو احکام بھیجے جاتے ہیں ان کو بلا کم و کاست پہنچا دیں۔ ہر پیغمبر نے یہی کام کیا اس میں کسی سے ڈرنے اور کسی سے شرم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ چنانچہ داؤد علیہ السلام کی سو بیویاں تھیں۔ سلیمان علیہ السلام کی تین سو بیویاں تھیں۔ اور سات سو لونڈیاں تھیں۔ اسی طرح آنحضرتؐ کو بھی اللہ نے نکاح کے معاملہ میں وسعت دی

## On Page No 624

**Abid Khundmiri writes**

**Hz Sulaiman Ahs had 99 or 100 Wives**

## On Page No 581

**Abid Khundmiri Writes**

**Hz Sulaiman Ahs had 300 Wives &**
**700 Slave Girls - Total 1000**

**He writes whatever he wishes to write about Prophets PBUH as he thinks he is unquestionable.**

**But he is not.**

## Page No 624

سامنے سے ہٹا دینا چاہئے۔

ف حضرت سلیمانؑ کے حرم میں ننانوے یا سو بیویاں تھیں۔ آپ نے ایک دن قسم کھائی کہ میں آج رات سب کے پاس شب بسری کروں گا اور ہر ایک سے ایک بیٹا ہوگا جو جہاد میں حصہ لیگا۔ فرشتے نے کہا کہ ان شاء اللہ کہنا چاہئے۔ آپ نے زبان سے نہیں کہا اللہ کی قدرت کہ کسی بیوی سے کچھ پیدا نہیں ہوا۔ سوائے ایک بیوی کے کہ اس سے بھی ادھورا بچہ پیدا ہوا۔ دایہ نے اسی ادھورے بچے کو لا کر آپ کی کرسی پر ڈال دیا جس کو قرآن میں دھڑ کے نام سے یاد کیا گیا ہے۔

**Condemn such books having unreliable and unauthentic, false stories about our beloved Prophets PBUT, Wives of Prophets & Companions of Prophet PBUH**

مِنَ الْوِلْدَانِ وَأَنْ تَقُومُوا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ۚ وَمَا تَفْعَلُوا مِنْ خَيْرٍ

بچوں کے بارے میں (بھی حکم دیا جاتا ہے) کہ تم ان کے ساتھ انصاف پر قائم رہو اور جو بھی بھلائی اور نیکی کا کام تم کرو گے

فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهِ عَلِيمًا ﴿١٢٧﴾ وَإِنِ امْرَأَةٌ خَافَتْ مِنْ بَعْلِهَا نُشُوزًا

بیشک اس کو اچھی طرح جانتا ہے اور اگر کسی عورت کو خاوند کی طرف سے زیادتی یا بے رغبتی کا اندیشہ ہو

أَوْ إِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا أَنْ يُصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ۚ وَالصُّلْحُ

تو ان دونوں پر کچھ گناہ نہیں اگر وہ دونوں آپس میں کسی قرارداد پر صلح کریں اور یہ صلح

خَيْرٌ ۗ وَأُحْضِرَتِ الْأَنْفُسُ الشُّحَّ ۚ وَإِنْ تُحْسِنُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ

ہی بہتر ہے اور طبیعتیں تو بخل کی طرف ہی مائل ہوتی ہیں ف اور اگر تم نیکو کاری اور پرہیزگاری کو اختیار کرو گے

اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرًا ﴿١٢٨﴾ وَلَنْ تَسْتَطِيعُوا أَنْ تَعْدِلُوا

تو اللہ تمہارے سب اعمال سے باخبر ہے اور تم لاکھ چاہو ہرگز نہ کر سکو گے برابری (کا سلوک)

بَيْنَ النِّسَاءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ ۖ فَلَا تَمِيلُوا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوهَا

اپنی بیویوں میں پس ایسا بھی نہ کرنا کہ بس ایک ہی طرف پورے ڈھل جاؤ اور دوسری کو اس طرح

كَالْمُعَلَّقَةِ ۚ وَإِنْ تُصْلِحُوا وَتَتَّقُوا فَإِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُورًا

چھوڑ دو گویا ادھر لٹکی رہے اور اگر آپس میں موافقت کرلو اور احتیاط رکھو تو بلاشبہ اللہ بخشنے والا

رَحِيمًا ﴿١٢٩﴾ وَإِنْ يَتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِنْ سَعَتِهِ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ

اور مہربان ہے ف اور اگر وہ دونوں (میاں بیوی) جدا ہو جائیں تو اللہ ہر ایک کو اپنی وسعت سے بے نیاز کر دے گا اور اللہ

وَاسِعًا حَكِيمًا ﴿١٣٠﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۗ وَلَقَدْ

بڑی وسعت والا اور حکمت والا ہے ف اور جو کچھ آسمانوں میں اور زمین میں ہے وہ سب اللہ ہی کے لئے ہے اور

وَصَّيْنَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَإِيَّاكُمْ أَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ۚ

واقعی ہم نے ان لوگوں کو بھی حکم دیا تھا جن کو تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی اور تم کو بھی کہ اللہ سے ڈرتے رہو

وَإِنْ تَكْفُرُوا فَإِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ وَكَانَ

اور اگر تم کفر کرو گے تو (یاد رکھو) کہ اللہ ہی کا وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور اللہ



ف اگر کوئی عورت اپنے شوہر کی بے رغبتی محسوس کرے یا خصومت پیدا ہو جانے کا اندیشہ ہو تو عورت اپنی طرف سے اس کا دل جیتنے کی غرض سے مہر کی رقم میں کچھ کمی کر دے تا کہ اس کو بوجھ اس پر ہلکا ہو ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے جس طرح عورت مہر کا مطالبہ کرے تو شوہر کو ٹینشن پیدا ہو سکتا ہے۔ اسی طرح اس کی کمی کرنے پر وہ راغب بھی ہو سکتا ہے ہر انسان کا دل تو بخل (کم خرچ کرنے) پر مائل ہی ہوتا ہے۔ اسی طرح یہاں بھی ہو سکتا ہے اور وہ ممنون ہو سکتا ہے۔

ف شریعت کا حکم ایک سے زیادہ بیویوں کے سلسلے میں یہی ہے کہ سب کے ساتھ عدل و انصاف ہو۔ اس میں کوئی الٹ پھیر نہیں ہو سکتا لیکن دل کی محبت اور میلان طبع کے سلسلے میں ایک انسان کو مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ بظاہر سلوک کے بارے میں مجبور کیا جا سکتا ہے لیکن اگر دل کسی کی طرف زیادہ مائل ہو تو وہ اس سلسلے میں معذور سمجھا جائے گا اور وہ معافی کے بھی قابل ہے لیکن اس کے یہ معنی بھی نہیں کہ کسی ایک کی طرف بالکل ہی ڈھلک جائے، یہ ممنوع ہے۔ دوسروں سے بالکل بے رغبتی اور ایک پر نثار ہو جانا ظلم اور زیادتی ہے۔ اس کے بارے میں پوچھ ہو گی دل ایک طرف بھی ہو تو اس کا اثر ظاہری سلوک میں نہیں ہونا چاہئے تا کہ دوسروں کو اس کی وجہ سے تکلیف ہو۔ جہاں تک بس میں ہے ہر ایک سے موافقت کرنی چاہئے اور دل کے سلسلے میں احتیاط برتنی چاہئے۔ دل کے معاملے میں جو بے اعتدالی ہو تو اللہ اس کو معاف کرنے والا ہے۔

ف اور اگر بیوی اور شوہر میں ناموافقت بڑھ جائے اور دل جل کر رہنا متعذر ہو جائے اور آپس میں دونوں جدائی کو ہی پسند کریں تو پھر شرع کے مطابق الگ ہو جانا چاہئے۔ اللہ ایسی صورت میں ان کے لئے راحت کے اسباب پیدا کر دے گا۔ ناموافقت کے باوجود ایک جگہ رہنے میں بہت سے دیگر مفاسد پیدا ہونے کے اندیشے رہتے ہیں سلامتی اسی میں ہے کہ راہیں جدا ہو جائیں۔ اللہ وسعت والا ہے۔ وہ ایک دوسرے کو ان کی طرف سے بے نیاز کر دیگا اور دوسری جگہ ان کا بھلا ہو جائے گا۔ چنانچہ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جب حضرت سودہ بنت زمعہ کو اندیشہ ہوا کہ شاید حضور آپ کو طلاق دے دیں گے تو آپ نے حضور کی خدمت میں عرض کی کہ آپ مجھے طلاق نہ دیجئے۔ میں صرف یہ چاہتی ہوں کہ بروز حشر آپ کے ازواج میں میرا حشر ہو۔ میں اپنی شب بی بی عائشہؓ کو بخش دیتی ہوں گویا یہ صلح تھی آنحضرت نے اس کو قبول کرلیا۔ اس کے بعد سے عائشہؓ کے حق میں دو حصے آئے ایک خود کا اور دوسرا سودہؓ کا۔

## Tafsir Abid Khundmiri
## Page No - 135

**Likhte hain**

**"Jab Hazrath Souda Binte Zama ko Andesha hua ke Shayad Huzoor Aap ko Talaq de dengey to aap ne Huzoor ki Khidmat mein Arz Kee ke aap mujhe Talaq Na Deejiye. Main Sirf Ye Chahti hoon ke Baroz e Hashr aap ke Azwaaj mein Mera Hashar ho. Main Apni Shab Bibi Aayesha Ko Bakhash deti hoon Goya ke ye Sulah thi Aan Hazrath ne Is ko Qubool karliya. Is ke baad se Aayesha ke Haq mein Do Hisse aaye, Ek Khud ka Doosra Souda Ka"**

---

**Huzoor IMamuna Ahs ne Bibiyon ki Naubat ka Is qadar Qayal Rakha ke aakhri ayyaam mein Jab ke aap ko Bukhar tha aur chalna dushwar us mein bhi, aap ne Jis Bibi ki baari thi unke Ghar mein Qayam farmaya.**

**Jab Bibi ne aur Deegar Sahab ne Huzoor IMamna se israr kiya ke Jahan hain wahi aaram karein, to Imamna Ahs ne farmaya ke Rasoolullah Salellahu Alahi Wa Sallam ki Shariyat ke Khilaaf Hota hai.**
**Bibi Malkan ne Israr kiya ke aap yahi thairen main apna Haq Bakhashti hoon, To Imam Ahs ne farmaya agar Khuda Na Bakhshe.**
**(Moulood Sharef & Hashia Shareef)**

**Tafsir Abid Khundmiri**

**Page No 112**

**Likhte Hain**

**Siwaye Iske Jo Jaheliyat mein Guzar Chuka hai, Ye aayat in logaon ke baare mein hai Jinhone Jaaheliyat mein Do Sagi Bahenaon se Nikah Karliya Tha. Jab wo Musalman Hogaye aur Aanhazrath se ye Zikar Kiya Gaya to aap ne farmaya in mein se Kisi ko pasand karlo aur doosri ko Chorh do. Kaha Jaat hai ke ILLA MAA QAD SALAF se muraad Yaqoob Ahs ki taraf ishaara hai, Jinhone LIYA aur RAAHEEL se Shaadi Kee thi Haalaanke wo Dono Bahnein Thi. LIYAA Yahooda ki Maa aur Raaheel Hazrath Yousuf Ahs ki maa thi.**



(بسلسلہ صفحہ نمبر ۱۱۱) اور یہی حکم ہے زوجہ کی پھوپھی اور خالہ اور بھتیجی اور بھانجی کا اس سلسلے میں یہ اصول اور فارمولا یاد رکھنے کے قابل ہے۔ وہ یہ کہ کسی ایسی دو عورتوں سے بیک وقت نکاح نہیں کیا جاسکتا جن میں سے اگر ایک عورت کو مرد فرض کرلیں تو ان دونوں میں آپس میں نکاح جائز نہیں جیسا کہ پھوپھی اور بھتیجی۔ ان دونوں کو جمع نہیں کیا جاسکتا کیوں کہ اگر ان میں سے ایک کو یعنی پھوپھی کو مرد تصور کریں تو وہ بھتیجی کا چچا ہو جائے گا اور چچا بھتیجی میں نکاح جائز نہیں۔ اسی طرح بھتیجی کو مرد تصور کریں تو وہ بھتیجا ہوگا اور پھوپھی اور بھتیجے میں نکاح درست نہیں۔ اسی طرح حکم خالہ اور بھانجی کا ہے۔

منہ بولے بیٹے کا حکم وہ نہیں ہے جو نسب کے بیٹے کا ہے یعنی منہ بولے (لے پالک) بیٹے کی بیوی سے اگر وہ طلاق دے دے تو نکاح جائز ہے لیکن سگا بیٹا اگر طلاق دے دے تو اس کی بیوی سے خسر نکاح کبھی بھی نہیں کرسکتا۔

سوائے اس کے جو جاہلیت میں گذر چکا۔ یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں ہے جنہوں نے جاہلیت میں دو سگی بہنوں سے نکاح کرلیا تھا۔ جب وہ مسلمان ہوگئے اور آنحضرت سے یہ ذکر کیا تو آپ نے فرمایا ان میں سے کسی کو پسند کرلو اور دوسری کو چھوڑ دو۔ کہا جاتا ہے کہ الا ما قد سلف سے مراد یعقوب علیہ السلام کی طرف اشارہ ہے جنہوں نے لیا اور راحیل سے شادی کی تھی حالانکہ وہ دونوں بہنیں تھیں۔ لیا یہودا کی ماں اور راحیل حضرت یوسفؑ کی ماں تھیں۔

*Abid Khundmiri Likhte hain*

***Mahdi Ahs ki Sunnat ki Paabandi Zaroori Nahi***

***Mahdi Ahs ki Sunnat ki Taqleed Shart Nahi***

***Kya Ye Qaum e Mahdavia ka Aqeeda hai ??***

## Abid Khundmiri saab ki Tafseer

**Page No 92**



الذُّنُوبَ إِلَّا اللّٰهُ ۖ وَلَمْ يُصِرُّوا عَلٰى مَا فَعَلُوا وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿١٣٥﴾

اللہ کے سوا جو گناہوں کو بخش سکتا ہے اور وہ لوگ جان بوجھ کر اپنے (برے) افعال پر اڑے نہیں رہتے ف!

**Hazrat Mahdi AS** ne tahiyat al-wuzu ki pahli rakat mein "wal lazeena iza faalu say wahum yalamoon" tak ki ayat padhi hai. Iska tahiyat al-wuzu mein tayamunan o tabarrukan padhna behtar hai **zaroori aur shart nahi.**

Guzishta 550 saal se Qaum-e-Mahdavia apne Aaqa Imamuna AS ki taqleed karte hue hamesha wazu dugaana ada karte waqt zamme surah ke taht in hi do aayaat ki tilaawat karti aayi hai jo Imamuna AS ki sunnat hai. Lekin mufassir sahab ne apni tafseer mein likh diya hai ke **Imamuna AS ki taqleed zaroori aur shart nahin!!!**

Kya ye kisi Mahdavi ke liye rawa hosakta hai ke wo Imamuna AS ki sunnat ki talqeen karne ke bajaae ye kahe ke Aap AS ke amal ki taqleed zaroori aur shart nahin? Kya is qism ki **rakeek aur gustaakhaana riwaayaat** par mushtamil tafseer ek Mahdavia tafseer kehlaane ke qaabil hai?

ف۱ حضرت مہدی موعود علیہ السلام نے تحیۃ الوضوٗ کی پہلی رکعت میں " والذین اذ افعلو ا سے و ھم یعلمون "تک کی آیت پڑھی ہے۔ اس کا تحیۃ الوضوٗ میں تیمنا وتبرکاً پڑھنا بہتر ہے ضروری اور شرط نہیں ہے

روایت ہے کہ آنحضرت نے ایک انصاری اور ایک ثقفی کے درمیان مواخاۃ (بھائی چارگی) قائم کی تھی ۔ ایک غزوہ میں وہ ثقفی آنحضرتؐ کے ساتھ گئے اور وہ انصاری ان کے گھر کی دیکھ بال کیا کرتے تھے ۔ ایک دن انہوں نے ثقفی کی بیوی کو اس حال میں دیکھا کہ وہ غسل کر کے اپنے بال پھیلائے کھڑی تھیں ۔ ان کے دل میں کچھ خیال پیدا ہوا اور بغیر اجازت گھر میں داخل ہو کر ان کے قریب ان سے چمٹنے کے لئے گئے اس خاتون نے اپنا ہاتھ اپنے منھ پر رکھ لیا۔ انہوں نے ان کے ہاتھ کی پشت کو بوسہ دیا۔ پھر نادم ہو گئے پھر شرمسار ہوئے اور پیٹھ پھیر کر بھاگنے لگے ۔ عورت نے کہا سبحان اللہ تم نے امانت میں خیانت کی اور اپنے رب کی نافرمانی کی اور اپنی حاجت بھی پوری نہیں کی ۔ کہتے ہیں کہ ان کو اپنے اس فعل پر اس قدر ندامت ہوئی کہ وہ پہاڑوں میں گھومتے پھرتے تھے اور اپنے خدا سے اپنے گناہ کی مغفرت طلب کرتے تھے پھر وہ ثقفی جب واپس آئے اور ان کی بیوی نے یہ ماجرا کہہ سنایا تو وہ ان کی تلاش میں نکلے ۔ لوگوں نے جگہ بتائی وہ وہاں گئے تو دیکھا کہ وہ سجدے میں گرے ہوئے یہ کہہ رہے ہیں اے میرے رب میرا گناہ میرا گناہ ۔ میں نے اپنے بھائی کی خیانت کی ۔ انہوں نے کہا چلو حضور کے پاس جائیں گے پھر وہ دونوں آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے حال سنایا ۔ عصر کا وقت تھا پس جبرئیلؑ یہ آیت لیکر نازل ہوئے ۔

**Tafsir - Abid Khundmiri**

**Page No 429**

# Allah Swt Ne Jo Jannat mein Momineen ko "SALAM" ki Basharat dee hai wo ek LAGHOO BAAT - "BE HUDA BAAT" Hai

## Kya Ye Qaum e Mahdavia Ka Aqeeda hai??



خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿۵۹﴾

چند ناخلف ان کے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو چھوڑ دیا اور خواہشات کے پیچھے پڑ گئے۔ سو عنقریب ان کو گمراہی (کی سزا) ملے گی ف۱

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَ

بجز ان کے جن لوگوں نے توبہ کی اور ایمان لائے اور نیک کام کئے تو ایسے لوگ بہشت میں داخل ہوں گے اور

لَا يُظْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ﴿۶۰﴾ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِيْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهٗ

ان کو ذرا بھی نقصان نہیں ہوگا۔ وہ ہمیشہ رہنے کے باغ جن کا اللہ نے اپنے بندوں سے غائبانہ وعدہ کیا ہے

بِالْغَيْبِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ وَعْدُهٗ مَاْتِيًّا ﴿۶۱﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا

بے شک اس کا وعدہ آنے والا ہے۔ وہ وہاں سلام کے سوا کوئی بے ہودہ کلام نہ سنیں گے ف۲

سَلٰمًا ۭ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۶۲﴾ تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْ

اور ان کے لئے صبح و شام کھانا تیار ہوگا ف۳ یہی وہ جنت ہے جس کا وارث

نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿۶۳﴾ وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمْرِ رَبِّكَ

ہم اپنے بندوں میں سے ایسے شخص کو بنائیں گے جو پرہیزگار ہوگا۔ اور ہم (فرشتے) آپ کے رب کے حکم کے سوا نہیں اترتے

لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿۶۴﴾

جو کچھ ہمارے آگے ہے اور جو کچھ پیچھے ہے اور جو ان کے درمیان ہے سب اسی کا ہے اور آپ کا رب بھولنے والا نہیں ہے ف۴

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا فَاعْبُدْهُ وَاصْطَبِرْ لِعِبَادَتِهٖ ۭ

یعنی وہ رب ہے آسمانوں اور زمین کا اور ان دونوں کے درمیان جو ہے ان سب کا۔ سو اسی کی عبادت کر اور اسی کی بندگی پر

هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿۶۵﴾ وَيَقُوْلُ الْاِنْسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ

قائم رہ۔ کیا تو اس کا کوئی ہمنام جانتا ہے اور آدمی کہتا ہے کیا جب میں مر جاؤں گا تو کیا پھر

اُخْرَجُ حَيًّا ﴿۶۶﴾ اَوَلَا يَذْكُرُ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ وَ

زندہ کر کے نکالا جاؤں گا۔ کیا یہ آدمی یاد نہیں کرتا کہ ہم نے اس کو پہلے بھی تو پیدا کیا تھا

لَمْ يَكُ شَيْـــًٔا ﴿۶۷﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَحْشُرَنَّهُمْ وَالشَّيٰطِيْنَ ثُمَّ لَنُحْضِرَنَّهُمْ

حالانکہ وہ کچھ بھی نہیں تھا۔ سو آپ کے رب کی قسم ہم ان کو اور شیطانوں کو جمع کریں گے پھر ان سب کو دوزخ کے

ع ۴ ۱۵ ۷



**Allah Swt Momineen ko Behudaa baataon se bachne ka hukum deta hai, Yahan Mufassir Sahab ne Allah Swt Per Hi Laghoo Baat Kahne ka Bohtaan Lagaadiya ye Kahkar ke Jannat mein Salam - ek Behudaa baat hai**

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾

ان کو ملے گا رب مہربان کی طرف سے (ان کو) سلام

**"Inko Milega Rab Maherbaan ki Taraf se Salam" Surah No 36 Verse No 58**

ف۱ غیّ دوزخ میں ایک نہر یا وادی کا نام ہے جس میں دوزخیوں کا پیپ بہتا ہے۔

ف۲ یہ استثناء متصل ہے اس طرح کہ اہل جنت جنت میں کوئی لغو کلام نہیں سنیں گے سوائے سلام کے تو سلام وہاں یوں بے کار ہوگا کہ سلام معنی آفتوں سے سلامتی کی دعا کے ہیں۔ اور جب جنت میں کوئی آفت ہی نہیں تو اس سے بچنے کی دعا بھی لغو ہوئی۔ تو بس یہ لغو وہاں ہوگا یعنی اگر کوئی لغو ہے تو بس یہ سلام ہے جو حقیقت میں مدح ہے لیکن تشبیہ ذم کی ہے یا یہ کہ جنت میں سلام کے معنی سلامتی کے نہیں بلکہ آفتوں سے بچ جانے پر مبارکبادی کے ہیں۔ یہ جنت کے صبح و شام ہیں نہ کہ دنیا کے۔ کیوں کہ وہاں دنیا کی طرح نہ آفتاب طلوع ہوگا اور نہ غروب بلکہ ایک خاص قسم کے انوار کا توارد اور تنوع ہوگا جس کے ذریعہ صبح و شام کا تعین کیا جائے گا۔

ف۳ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ جبرئیلؑ کئی روز تک نہیں آئے۔ پھر جب آئے تو آنحضرتؐ نے فرمایا تم روزانہ کیوں نہیں آتے تو اللہ نے جبرئیل کو یہ کلام سکھایا کہ تم ایسا جواب دو۔

ف۴ یعنی جس کا ذکر اوپر گزرا حضرت زکریاؑ سے حضرت ادریسؑ تک۔




**Tafsir Abid Khundmiri**
**Page No - 769**
**New Scientific & Geographical Facts**

**Likhte hain**
**ن ke Maane Machli ke bhi aatey hain, isse muraad wo Machli bayaan ki jaati hai Jiski Peeth Per Zameen Rakhi Gayee Hai**

ف۱ زندگی اور زندگی کے تمام اسباب اللہ کی ملکیت ہیں۔ ان میں سے ایک چیز پانی ہے جو زندگی کے لئے بہت ضروری ہے۔ اگر کبھی وہ پانی جو کنوؤں اور چشموں میں ہے اندر اتر جائے جیسا کہ اکثر موسم گرما میں ہوتا ہے تو اللہ کے سوا کون ہے جو تمہارے لئے صاف ستھرے پانی کا چشمہ بہالائے۔ اسی طرح سمجھو کہ زندگی کو پاک صاف کرنے اور روحانیت کی پیاس کو بجھانے کے لئے اللہ نے حضورؐ کا چشمہ ہدایت جاری کیا ہے۔ اور تم ہو کہ اس چشمے کے خشک ہوجانے کی تمنا کر رہے ہو۔ ولو بالفرض یہ چشمہ محمدیؐ تمہارے زعم کے مطابق خشک ہو جائے تو پھر کون ہے جو ایسا چشمہ بہالائے؟ نادانو! اس کی قدر کرو اس کا پانی پیو تو دنیا کے ساتھ تمہاری آخرت بھی اچھی ہوجائے گی یہ چشمہ قیامت تک بہنے والا ہے۔ یہ آخری چشمہ ہدایت ہے جو ہم نے قیامت تک کے لئے بہایا ہے۔ یہ کبھی نہیں سوکھے گا (اور اگر کبھی ایسا ہو کہ رسم عادت اور بدعت کی زیادتی کے سبب تم لوگ اس کو گدلا کرنے کی کوشش کرو تو اللہ اس کو حضرت مہدی موعود علیہ السلام کے ذریعہ پھر ظاہر کرے گا وہ کتاب وسنت کی پیروی کرتے ہوئے اس چشمہ کو پھر اس کی اصلی حالت میں دنیا کے سامنے پیش کریں گے اور پھر قیامت کے قریب تو حضرت عیسیٰؑ آئیں گے اور جو کافر (دجال) اس چشمہ کو خراب کرنے کی کوشش کریگا تو عیسیٰ علیہ السلام اس کو قتل کریں گے اور پھر اسلام اپنی اصلی حالت میں آجائے گا)

ف۲ وجہ مناسبت ماقبل کی سورت اور اس سورت میں یہ ہے کہ ماقبل کی سورت کا اختتام وعید پر ہوا تھا کافروں کے لئے اور اس سورت میں بھی وعید کا یہ سلسلہ چل رہا ہے۔ ماقبل کی سورت میں حضور کو ایک بہترین چشمہ سے مثال دی گئی تھی اس سورت میں حضور کے ہی خلق عظیم کا تذکرہ ہو رہا ہے۔

ف۳ ن حروف مقطعات میں سے ہے۔ نون کے معنی لغت میں دوات کے ہیں یعنی نوری دوات۔ ن کی تفسیر بعض نے لوح سے کی ہے قلم کی مناسبت سے۔ حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں الرحمٰن کا نون ہے یعنی الرحمان کے مختلف حروف ہیں جو الگ الگ لکھے گئے ہیں۔ ابن عربی نے ن سے مراد نفس کلیہ لیا ہے۔ اور قلم سے مراد عقل کلی ہے نون کے معنی مچھلی کے بھی آتے ہیں اس سے مراد وہ مچھلی بیان کی جاتی ہے جس کی پیٹھ پر زمین رکھی گئی ہے۔ قلم سے مراد بھی وہ نورانی قلم ہے جس نے لوح محفوظ پر وہ سب لکھا ہے جو آئندہ ہونے والا ہے۔

ف۴ کفار آنحضرتؐ کو کبھی دیوانہ کبھی مجنون کبھی مفتون کہتے تھے ان کا یہ قول تو قرآن میں آیا ہے یایھا الذی نزل علیہ الذکر انک لمجنون۔ اس کے جواب میں اللہ فرما رہا ہے کہ قسم ہے نورانی دواۃ اور نورانی قلم کی اور ان تمام تحریرات کی جو لکھی گئی ہیں۔ آپ مجنون نہیں ہیں کیوں کہ آپ تو اللہ کی عظیم نعمت ہیں۔ اور آپ پر اللہ کی نعمتیں کامل ہوئی ہیں بلکہ آپ سے ہی اللہ کی نعمتوں کی تکمیل ہوئی ہے آپ پر اللہ کے احسانات بے شمار ہیں آپ کو فصاحت وبلاغت کی آخری حد کو چھونے والی کتاب عطا کی گئی ہدایت وحکمت سے لبریز آپ کی باتیں ہیں۔ اخلاق عظیمہ کا آپ پیکر ہیں دشمنوں کے دل میں گھر کرنے والے آپ کے اوصاف ہیں۔ دنیا والوں کے غم میں آپ گھلتے جارہے ہیں پھر بڑائی تکبر غرور نام کو بھی نہیں۔ بندگی عاجزی خاکساری اور انکساری آپ کا شیوہ۔ کیا ایسا شخص دیوانہ ہو سکتا ہے۔ ہاں جو دیوانے ہیں وہ ایسی ہستی کو دیوانہ کہتے ہیں۔ دیوانہ تو وہ ہے جس کا قول کچھ ہوتا ہے اور فعل کچھ لیکن آپ کی یہ حالت ہے کہ آپ کی زبان سے اللہ کا کلام قرآن نکلتا ہے۔ اور آپ کا عمل اس کی زندہ تفسیر ہے۔ آپ دیوانے نہیں۔ یہ اللہ کا احسان ہے۔ (بقیہ اگلے صفحہ پر)



ءَامَنَّا بِهِۦ وَعَلَيْهِ تَوَكَّلْنَا ۖ فَسَتَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ فِى ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ۝٢٩

ہم اس پر ایمان لائے اور ہم نے اسی پر بھروسہ کیا۔ تم کو جلد معلوم ہوجائے گا کہ کھلی ہوئی گمراہی میں کون جتلا ہے

ع ۲ ۱۲

قُلْ أَرَءَيْتُمْ إِنْ أَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَن يَأْتِيكُم بِمَآءٍ مَّعِينٍۭ ۝٣٠

آپ کہہ دیجئے بھلا بتاؤ تو تمہارا کنویں کا پانی نیچے اتر کر غائب ہوجائے تو اللہ کے سوا کون ہے جو تمہارے پاس شیریں پانی کا چشمہ بہالائے ف۱

سُورَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ وَهِىَ اثْنَتَانِ وَخَمْسُونَ ءَايَةً وَفِيهَا رُكُوعَانِ

سورہ قلم مکی ف۲ اس میں ۵۲ آیتیں اور ۲ رکوع

بِسْمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحْمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

نٓ ۚ وَٱلْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُونَ ۝١ مَآ أَنتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُونٍ ۝٢ وَإِنَّ

ن ف۳ قلم کی اور جو کچھ لکھتے ہیں اس کی قسم اے محمدؐ آپ اللہ کے فضل واحسان سے مجنون نہیں ہیں ف۴ اور بیشک

لَكَ لَأَجْرًا غَيْرَ مَمْنُونٍ ۝٣ وَإِنَّكَ لَعَلَىٰ خُلُقٍ عَظِيمٍ ۝٤ فَسَتُبْصِرُ

آپؐ کے لئے بے انتہا اجر ہے اور آپؐ اخلاق کے اعلیٰ پیمانے پر ہیں ف۵ سو عنقریب آپؐ بھی دیکھیں گے

وَيُبْصِرُونَ ۝٥ بِأَييِّكُمُ ٱلْمَفْتُونُ ۝٦ إِنَّ رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ

اور وہ بھی دیکھیں گے کہ تم میں سے دیوانہ کون ہے ف۶ بے شک آپؐ کا رب ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو راستہ سے بھٹکے

عَن سَبِيلِهِۦ وَهُوَ أَعْلَمُ بِٱلْمُهْتَدِينَ ۝٧ فَلَا تُطِعِ ٱلْمُكَذِّبِينَ ۝٨ وَدُّوا۟

ہوئے ہیں اور وہ جو ہدایت پر ہیں ان سے بھی خوب واقف ہے۔ آپ جھٹلانے والوں کا کہنا نہ مانئے۔ یہ لوگ تو یہی چاہتے ہیں

لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُونَ ۝٩ وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِينٍ ۝١٠ هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ

کہ آپ نرمی اختیار کرلیں تو یہ بھی نرم ہوجائیں گے ف۷ اور آپ کسی ایسے شخص کی بات میں نہ آیئے جو بہت قسمیں کھانے والا اور بے وقعت ہے

بِنَمِيمٍ ۝١١ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ أَثِيمٍ ۝١٢ عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذَٰلِكَ زَنِيمٍ ۝١٣ أَن كَانَ

طعنے دینے والا اور چغل خور ہے مال میں بخل کرنے والا حد سے آگے بڑھا ہوا بدکار ہے۔ سخت خو اور اسکے علاوہ حرام زادہ ف۸ ہے اسلئے

ذَا مَالٍ وَبَنِينَ ۝١٤ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ ءَايَٰتُنَا قَالَ أَسَٰطِيرُ ٱلْأَوَّلِينَ ۝١٥

کہ وہ صاحب مال اور صاحب اولاد ہے۔ جب اس پر ہماری آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو وہ کہتا ہے (یہ سب ہیں) اگلے لوگوں کے افسانے ف۹

سب کا ساتھ لیکر 275، واں جشن صندل وعرس شریف اعلی حضرت سید محمد عاقل شاہ قادریؒ کو کامیاب بنانے پر



**Tafsir Abid Khundmiri**

**Page No - 770**

**Likhte hain**

**"Kufaar e Makka Aan Hazrath SAS se ye Kahte they ke hamare butaon ke muttaleq se aap zara Naram Rawayya Ekhtiyar Karein to Ho Sakta hai ke aap ki baatein logaon per asar andaaz hon."**

**"MUMKIN HAI KE AAN HAZRATH SAS IMAAN KI HIRS MEIN AISA SONCHTE HON KE AISA KARLENE MEIN KYA QABAAHAT HAI. LEKIN ALLAH NE AAP KO MUTANABBE KARDIYA KE KHABARDAAR AISA NAA KARNA."**

**(NAUZUBILLAH)**



(بسلسلہ صفحہ نمبر ۷۶۹)

ف۵ جب لوگ آنحضرتؐ کو مجنون کہتے تو آپ رنجیدہ خاطر ہو جاتے تھے۔ اللہ تعالیٰ تسلی دیتے ہوئے فرماتا ہے کہ ان کے ایسا کہنے سے آپ کو کبھی نہ ختم ہونے والا اجر ملتا ہے کیوں کہ آپ کی ہدایت سے اقوام عالم فیض پانے والی ہیں۔ ان کی زندگیاں سدھرنے والی ہیں کیا کسی دیوانہ کو ایسی زندگی ملی ہے۔ ایسا حیات بخش پیام کسی دیوانہ نے دیا ہے۔ کسی کی مالیاتی اسکیم ایسی کامیاب ہوئی ہے جیسی آپ نے حکم خدا سے زکوٰۃ کی اسکیم پیش کی ہے۔ کسی دیوانے یا ریفارمر کا طہارت نفس کا فارمولا اتنا کامیاب ہوا ہے جتنا کہ روزہ کا ہوا ہے اور کسی دیوانے کے اتحاد واتفاق کا منصوبہ اتنا کارگر ہوا ہے جتنا کہ آپ کی طرف سے پیش کردہ توحید کا فارمولہ ہوا۔ اور کیا کسی دیوانے کا قانون قیامت تک باقی رہ سکتا ہے لیکن آپ کی پیش کردہ شریعت قیامت تک باقی رہے گی اور لوگ جبتک اس پر چلتے رہیں گے اس کا اجر برابر آپ کو ملتا رہے گا۔ پھر آپ کے اخلاق عالیہ ان کا تو کیا کہنا۔ اپنے تو اپنے پرائے بلکہ آپ کے خون کے پیاسے بھی معترف ہی نہیں بلکہ معتقد ہیں کہ روئے زمین پر اتنا سچا ایسا امین اسقدر عبادت گذار اتنا بردبار وحلیم اتنا سخی وکریم اتنا ملنسار عظیم اس قدر صاحب فیض عمیم جو اللہ کے بعد لوگوں پر رؤف بھی ہے اور رحیم بھی نیکیوں کی طرف سبقت کرنے والا برائیوں کے تصور سے بھی دور رہنے والا بہترین شوہر غمگسار دوست فصیح ترین خطیب مشفق باپ جری جرنیل بہادر سپاہی شکست پر نہ ہمت ہارنے والا اور فتح پر نہ اترانے والا ہم نے نہیں دیکھا۔

ف۶ عنقریب ہی ان کو معلوم ہو جائے گا کہ اصل میں دیوانہ کون ہے آپ ہیں یا وہ۔ آپ تو نہیں ہو سکتے۔ ان کی دیوانگی قریب میں ہی ان کے سامنے کھل کر آ جائے گی اور قیامت میں تو سب کو معلوم ہو جائے گا کہ کس کی عقل ماری گئی تھی۔

ف۷ ہدایت اور ضلالت کا معاملہ اللہ کے ہاتھ ہے۔ اللہ ان لوگوں کو خوب جانتا ہے جو ہدایت کی راہ پر آنے والے ہیں اور ان کو بھی جو ضد اور عناد کے سبب گمراہی اختیار کرنے والے ہیں کفار مکہ آنحضرتؐ سے یہ کہتے تھے کہ ہمارے بتوں کے تعلق سے آپ ذرا نرم رویہ اختیار کریں تو ہو سکتا ہے کہ آپ کی باتیں لوگوں پر اثر انداز ہوں ممکن ہے کہ آنحضرتؐ ایمان کی حرص میں ایسا سوچتے ہوں کہ ایسا کر لینے میں کیا قباحت ہے لیکن اللہ نے آپ کو متنبہ کر دیا کہ خبردار ایسا نہ کرنا۔ دراصل یہ لوگ یہی چاہتے ہیں کہ آپ ذرا ڈھیلے پڑ جائیں یہ تو ڈھیلے پڑنے والے نہیں ہیں لیکن آپ کو آپ کے راستے سے بچلا دینا چاہتے ہیں یہ لوگ لاکھ قسمیں کھا کر آپ کو سمجھانے کی کوشش کریں آپ ان کی باتوں میں نہ آیئے بتوں اور بت پرستی کے خلاف جو مہم آپ نے شروع کی ہے اس پر پورا زور لگایئے۔

ف۸ یہ جھوٹی قسمیں کھانے والا ذلیل اور بے قدر راہ ہے طعنے دینے والا چغل خور بھلے کام سے روکنے والا حد سے آگے بڑھنے والا گنہگار اور اس کے علاوہ متہم (حرام زادہ) پھر ایسا شخص اگر اللہ کی قسم بھی کھالے تو اس کی قسم کا کیا اعتبار۔

ف۹ سوسائٹی میں جو مقام اس نے پیدا کر لیا ہے وہ محض مال اور اولاد کی وجہ سے لیکن کیا محض یہ بات ایسی ہے کہ اس کی تابعداری اور فرمانبرداری بھی کر لی جائے۔ اس کی ہر بات مان لی جائے۔ انسان کو وزن عطا کرنے والی چیز اس کے اخلاق اور عادات ہیں۔ جس میں نہ شرافت ہے اور نہ خوش اخلاقی وہ کس طرح مقتدا بن سکتا ہے۔ رذالت اور شرارت ہی اس کا سرمایہ ہے۔

**Likhte hain**

**Isi Tarah Moosa Ahs per Ye Taana Kaste they ke aap ko kod ki beemari hai, ya aap ko Fitaq (Hernia) ki beemari hai sirf is binaa per ke aap Haya ki Wajah se Sab ki tarah sab ke saamne kapde utaar kar Ghusul nahi karte they. Ek Martaba Aisa Hua ke Sab se Alag Kapde utaarkar ek Pathar per Rakh kar Nahane lage to Wo Pathar Allah ke Hukum se Kapde Lekar Bhaagne laga, Moosa Ahs ne Jab ye dekha to Aap ne Is Ka peecha kiya, Pathar ek Bhare Majmue mein Ruk Gaya. Logaon ne aap ke Jism ko Be Daagh aur Be Ayb**

ف١ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو تاکید کر رہا ہے کہ پیغمبر کے تعلق سے کبھی کوئی ایسی بات یا حرکت نہ کرو جس سے آپ کو تکلیف اور اذیت روحانی ہوتی ہو۔ پیغمبر اللہ کے پاس بڑی آبرو والے ہوتے ہیں۔ چنانچہ حضرت موسیٰؑ کو لوگوں نے کئی ایک باتوں سے ایذا پہنچائی تھی مثلاً یہ مشہور کردیا کہ حضرت موسیٰؑ نے ہارون کو قتل کردیا یا قارون ملعون نے ایک فاحشہ عورت کے ذریعہ آپ پر زنا کی تہمت لگائی اللہ نے موسیٰؑ کو حیرت انگیز طور پر بری فرمادیا۔ اسی طرح موسیٰؑ پر یہ طعنہ کستے تھے کہ آپ کو کوڑھ کی بیماری ہے یا آپ کو فتق کی بیماری ہے صرف اس بناء پر کہ آپ حیا کی وجہ سے سب کی طرح سب کے سامنے کپڑے اتار کر غسل نہیں کرتے تھے۔ ایک مرتبہ ایسا ہوا کہ سب سے الگ کپڑے اتار کر ایک پتھر پر رکھ کر نہانے لگے تو وہ پتھر اللہ کے حکم سے کپڑے لے کر بھاگنے لگا، موسیٰؑ نے جب یہ دیکھا تو آپ نے اس کا پیچھا کیا پتھر ایک بھرے مجمع میں رک گیا۔ لوگوں نے آپ کے جسم کو بے داغ اور بے عیب دیکھ لیا۔ اسطرح اپنے محبوب بندوں پر لگائے ہوئے جھوٹے الزامات سے ان کو بری کردیتا ہے۔ لیکن تہمت طرازوں کا جو حشر ہوتا ہے وہ بہت برا ہوتا ہے۔

ف٢ اللہ سے ڈرنا اور صاف سیدھی اور درست بات کرنا اللہ کو بہت زیادہ پسند ہے۔ اتنا کہ اس کی وجہ سے اللہ ایسا کرنے والوں کے اعمال کو درست کرتا ہے اور گناہ بھی بخشتا ہے کامیابی اور فوز وفلاح حاصل کرنے کی کنجی اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری ہے۔

ف٣ امانت کیا ہے؟ اس کے بارے میں مختلف اقوال ہیں یعنی طاعت، فرائض اسلام کی ادائی ایفائے عہد وغیرہ۔ عرض کرنے سے مراد تخییر ہے (یعنی اختیاری فعل) الزامی نہیں (لازمی نہیں) آسمانوں، زمین اور پہاڑوں سے مراد یا تو ان کے مکین ہیں یا ان میں رہنے والے۔ پیش کرتے ہوئے یہ کہا گیا کہ اگر اس کو اٹھائیں گے تو ثواب ملے گا۔ اور اگر اس کا حق ادا نہ کریں تو عذاب دیا جائے گا یہ سن کر ان تمام نے اٹھانے سے انکار کیا۔ یہ معصیت اور امر الٰہی کی مخالفت نہیں ہے۔ بلکہ اپنے عجز کا اظہار ہے اور ڈر گئے سے مراد حق ادا نہ کرنے پر جو عتاب ہوگا اس سے ڈر گئے۔ انسان نے اس کو اٹھالیا اس لئے کہ وہ ظلوم وجہول تھا ظلوم سے مراد یہ کہ اس نے اپنے آپ پر ظلم کیا اور جہول سے مراد یہ کہ وہ امانت اٹھانے کے امر رب کے انجام سے ناواقف تھا اس لئے باوجود ضعیف ہونے کے امانت کو اٹھالیا۔ امانت کسی کی پرائی چیز کو اپنے پاس رکھنا۔ اس کی حفاظت کرنا اور مالک کے پوچھنے پر اس کو خیانت کے بغیر ادا کرنا ہے۔ حضرت امامنا مہدی موعود علیہ السلام نے اس آیت شریفہ کو پڑھ کر اس طرح بیان فرمایا۔ (ترجمہ) بھائی سید خوندمیر سماوات سے انبیاء۔ ارض سے اولیاء اور جبال سے علماء مراد ہیں فابین ان یحملنها امر قال ہے اور حملها الانسان سے تمہاری ذات مراد ہے۔ پھر دوسری جگہ فرمایا ولایت مصطفیٰ کے ختم کا بار تمہاری ذات پر ہے جیسے اللہ نے فرمایا و حملها الانسان اس سے بھی تمہاری ذات مراد ہے۔ مزید تفصیل تفسیر کے آخر میں بار امانت کے ذیل میں ملاحظہ ہو۔



اَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾ رَبَّنَآ
اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کا کہا مانا تو انہوں نے ہم کو راستے سے گمراہ کردیا ۔ اے رب ان کو
اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ يٰۤاَيُّهَا
دگنا عذاب دے اور ان پر بڑی لعنت کر ۔ اے ایمان والو
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا
تم ان لوگوں کی طرح نہ ہوجاؤ جنہوں نے موسیٰ کو ایذاء پہنچائی تو اللہ نے ان کو بری کردیا ۔ اس عیب سے جو
قَالُوْا ؕ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا
انہوں نے لگایا تھا ۔ اور وہ اللہ کے نزدیک آبرو والے تھے ف١ اے ایمان والو اللہ سے
اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿٧٠﴾ يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَ
ڈرو اور راستی کی بات کہو وہ تمہارے اعمال درست کردے گا اور
يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا
تمہارے گناہ بخش دیگا ۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے گا تو وہ بڑی مراد
عَظِيْمًا ﴿٧١﴾ اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ
حاصل کریگا ف٢ ہم نے (بار) امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں پر
الْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ
پیش کیا تو انہوں نے اسے اٹھانے سے انکار کردیا اور اس سے ڈر گئے اور انسان نے اسکو اٹھالیا
اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿٧٢﴾ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَ
بے شک وہ بے ترس اور نادان تھا ف٣ تاکہ منافق مردوں اور منافق
الْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
عورتوں کو عذاب دے اور مومن مردوں اور مومن عورتوں پر توجہ فرمائے
وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٣﴾
اور اللہ تو بخشنے والا اور مہربان ہے

**Tafsir Abid Khundmiri**
**Page No 754**

**Likhte hain**
**Jis ne Uzur e Sharayee ke Baghair Iski Ahanat karte hue isko (Yani Jume ki Namaz) ko Tark Kardiya To Wayeed (Saza) ka Mustaheq Hai.**
**Hazrath Mahdi Ahs ne bhi apni saari zindagi mein Namaz e Juma Adaa Farmaayee hai, Aap Mahdiyat ki Tableegh ke liye Aksar Masjid e Jame ko hi tashreef le gaye hain.**
**Albatta baad mein jab mahdaviyaon per Ikhraaj aur Hijrat ke Mawaaqe pesh aaye aur Mahdavi Fuqaraa Aksar Jungalaon mein aur Bayabanon mein Daire Baandh kar rahe to HASB E HUKUM E AYIMMAH FUQAHAA Wahan ka namaz e jumaa adaa nahi ki.**
**Lekin Jab Shahraon mein Rahne lage to Juma Padne Lage.**



(بسلسلہ صفحہ نمبر ۷۵۳) لیکن جہاں آخرین کا ذکر فرمایا وہاں صرف 'و آخرین منھم' فرمایا رسولاً کو صراحتۃً بیان نہیں فرمایا۔ اس لئے کہ محمد رسول اللہ ﷺ خاتم الرسل ہیں آپ پر نبوت ختم ہو چکی ہے اور مہدیؑ چونکہ رسول اللہ کا باطن ہیں یعنی مظہر ولایت محمدیہ ہیں اسی لئے صرف 'و آخرین منھم' فرمایا یعنی ان کی رسالت باطنی ہے تابع تام محمد مصطفیٰ ہونے کی حیثیت سے۔

ف۲ اس کا ترجمہ بعض یوں کرتے ہیں کہ جن لوگوں کو توریت پر عمل کرنے کی ذمہ داری گئی تھی لیکن انہوں نے اس پر عمل نہیں کیا تو ان کی مثال گدھے کی سی ہے یہ مضمون فقط یہودیوں اور توریت کی حد تک ہی محدود اور مخصوص نہیں ہے بلکہ مسلمانوں اور قرآن شریف کے حاملین پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اس طرح کہ جو مسلمان قرآن کے عالم اور حافظ تو ہو گئے لیکن اس کی تعلیمات اور اس کی پیشین گوئیوں پر نہ ایمان لائے۔ نہ ان کی تصدیق کی اور نہ ان پر عمل کیا اور نہ ان کا حق ادا کیا تو ان کا شمار بھی ان ہی گدھوں میں ہوگا۔ جن کی پیٹھ پر اللہ کی کتابیں لادوی گئی ہیں۔ ان گدھوں کو کیا خبر کہ ان کی پیٹھ پر کیا ہے۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ جس طرح کسی گدھے پر کتب الٰہیہ رکھ دینے سے وہ گدھا عالم و فاضل نہیں ہو جاتا اور نہ وہ قابل احترام سمجھا جاتا ہے اسی طرح جو عالم کتابیں پڑھ تو لے۔ لیکن ان پر عمل نہیں کرتا تو اللہ کے پاس بھی اس کی کوئی قیمت نہیں ہے

ع چارپایہ بر و کتابے چند

ف۳ یہود آنحضرتؐ کا اور قرآن کا انکار کرتے تھے اور یہ کہتے تھے کہ ہم کو ان پر ایمان لانے کی چنداں ضرورت نہیں ہے۔ ہم تو اللہ کے بیٹے اور اس کے دوست ہیں۔ تو اللہ فرماتا ہے کہ اے رسول آپ ان سے کہئے کہ جب بیٹا باپ سے ملنا چاہتا ہے اور دوست دوست سے ملاقات کی تمنا کرتا ہے تو تم کو بھی چاہئے کہ تم موت کی تمنا کرو کیوں کہ دنیا میں تو تم اللہ سے مل نہیں سکتے۔ موت کے پل پر سے گذر کر ہی تم اس سے مل سکتے ہو اگر تم اپنے دعویٰ میں سچے ہو تو موت کی تمنا کرو۔ لیکن اللہ فرماتا ہے کہ یہ اپنے دعویٰ میں جھوٹے اور اعمال میں بد ہیں۔ یہ کبھی تمنا نہیں کریں گے بلکہ موت کے تصور سے ہی یہ دور بھاگیں گے۔

ف۴ اس نماز کے لئے یہ خصوصی حکم اس لئے ہے کہ یہ نماز متعدد بار باجماعت ایک ہی جگہ نہیں ہوتی کیوں کہ دوسری نمازوں میں ایک سے زیادہ بار جماعت سے نماز پڑھنے کا امکان رہتا ہے "دوڑو" سے مراد اہتمام اور تیاری کے ساتھ جانا ہے۔ بھاگنا مراد نہیں ہے۔ اذان سے مراد وہ اذان ہے جو منبر پر امام کے بیٹھنے کے بعد کہی جاتی ہے۔ آنحضرتؐ کے زمانے میں بلکہ حضرت ابوبکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ کے زمانے میں بھی وہی اذان تھی البتہ حضرت عثمانؓ کے زمانے میں جب آبادی بڑھ گئی تو پہلے ایک اور اذان کا اضافہ کیا گیا تاکہ دور دراز کے لوگوں کو نماز کے وقت کی اطلاع ہو جائے۔ اصل اذان جس کے بعد خرید و فروخت حرام ہے وہ وہی اذان ہے جو آنحضرتؐ کے زمانے میں تھی۔ یہی مخصوص اور قطعی ہے البتہ اب جو پہلی اذان کہی جاتی ہے اس پر بھی خرید و فروخت کی حرمت کا حکم لگایا گیا ہے وہ حکم اجتہادی ہے۔

نماز جمعہ ہر مسلمان پر جو آزاد بالغ 'عاقل' مقیم اور صحیح الاعضاء ہے فرض ہے جبکہ اس کے ترک کرنے پر کوئی عذر شرعی نہ ہو۔ اور جس نے عذر شرعی کے بغیر اس کی اہانت کرتے ہوئے اس کو ترک کر دیا تو وہ وعید کا مستحق ہوگا۔ البتہ بچوں اور دیوانوں پر جمعہ فرض نہیں ہے اور بالاتفاق عورتوں پر نماز جمعہ فرض نہیں ہے۔ جیسا کہ آنحضرتؐ کی حدیث آئی ہے آپ نے فرمایا کہ جمعہ حق ہے واجب ہے ہر مسلمان پر کہ وہ جماعت سے ادا کرے سوائے چار کے یعنی غلام 'عورت' بچہ اور مریض کے ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ اہل قریہ پر جمعہ فرض نہیں ہے۔

اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ جمعہ کے لئے جماعت کتنی ہونی چاہئے۔ بعض کے پاس چالیس آدمیوں کی جماعت ضروری ہے حضرت ابو یوسفؒ کے پاس امام کے سوا تین افراد کی جماعت کافی ہے۔ امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے پاس ایک ہی مقام پر جمعہ پڑھنی چاہئے۔ لیکن امام احمدؒ کے نزدیک اگر مسجد جامع تنگ ہو تو متعدد جگہ بھی پڑھی جا سکتی ہے۔ حضرت ابوحنیفہؒ کے نزدیک والی کا ہونا شرط ہے۔ آنحضرت ﷺ نے حکم خداوندی کے تحت نماز جمعہ پہلی مرتبہ مسجد بنی سالم بن عوف میں ادا فرمائی اسی طرح حضرت مہدی موعود علیہ السلام نے بھی اپنی ساری زندگی میں نماز جمعہ ادا فرمائی ہے آپ مہدیت کی تبلیغ کے لئے اکثر مسجد جامع کو ہی تشریف لے گئے ہیں۔ البتہ بعد میں جب مہدویوں پر اخراج اور ہجرت کے مواقع پیش آئے اور مہدوی فقراء اکثر جنگلوں اور بیابانوں میں دائرے باندھ کر رہے تو حسب حکم آئمہ فقہ وہاں کا نماز جمعہ ادا نہیں کی۔ لیکن جب پھر شہروں میں رہنے لگے تو جمعہ پڑھنے لگے۔

ف۵ اللہ کا فضل تلاش کرو۔ اس سے مراد فقط روزی کی تلاش اور دنیا کی طلب نہیں ہے بلکہ مریض کی عیادت نماز جنازہ کے لئے حاضری اللہ کے لئے اپنے بھائی کی ملاقات اور طلب علم بھی ہے۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ چاہے کسی بھی کام میں ہوں اللہ کی یاد سے غفلت نہ برتی جائے۔

**Tafsir Abid Khundmiri**
**Page No 269**

**Likhte hain.....Faqeer aur Miskeen mein Farq hai...Faqeer Wo Hai Jo Nahi Maangta**

# Aur Miskeen Wo Hai Jo Maangta hai

**Kya Miskeen ki tareef Kisi Dictionary mein Maangne Wale (Bhikaari) ke aaye hain?**
**Kya Qaume Mahdavia Miskeen ke maane yahi samajhti hai ?**

**Huzoor Imamna Mahdi Ahs ne Allah ke Huzoor Shab e Qadar ki Raat mein Jo Duaa Farmaayee ke YA ALLAH HAMEIN MISKEEN ZINDA RAKH, MISKEEN MAAR aur QAYAMAT KE ROZ MISKEENAON KE ZUMRE MEIN SHAAMIL FARMA........**
**Huzoor Imamuna Ahs ne momineen ko Taaleem dee ke Sawal (Maangna) Haram hai, Is had tak ke Haalan, Faylan Aur Qaalan teeno soorataon mein Sawal (Maanga) Haram Sikhaya hai.**

ف۱ اس آیت میں صدقات کا مصرف بیان کیا گیا ہے یعنی صدقات کے مستحق کون ہیں۔ صدقات میں زکواۃ بھی شامل ہے جب بعض منافقین نے اموال میں آنحضرتؐ کی تقسیم پر اعتراض کیا اور طعنہ دینے لگے تو اللہ نے یہ آیات نازل کیں۔ جس کا مقصد یہ بیان کرنا ہے کہ حضور جو تقسیم کرتے ہیں وہ اپنی مرضی سے نہیں بلکہ حکم خدا سے تقسیم کرتے ہیں اور خود اس میں سے نہیں لیتے تو پھر حضور پر اعتراض کیسا؟ اس آیت میں مصارف زکواۃ کے (۸) آٹھ طبقے بیان کئے گئے ہیں جو اوپر ترجمہ میں درج ہیں۔ زکواۃ کی فرضیت میں جو حکمتیں پوشیدہ ہیں ان پر بھی ایک نظر ڈال لینی چاہئے۔ پہلی حکمت تو یہ ہے کہ مال کی محبت انسان کی طبیعت میں ودیعت کردی گئی ہے جب انسان اس کو حاصل کرنے میں مشغول ہوتا ہے تو وہ اللہ سے دور ہوتا ہے اسی لئے حکم ہوا کہ جو چیز تم کو اللہ سے دور کرنے والی ہے اس کو تم اپنے سے دور کرتے رہو۔ دوسری حکمت یہ ہے کہ مال کی کثرت سے دل میں سختی پیدا ہوتی ہے اور رحم کا جذبہ کم ہونے لگتا ہے اس لئے زکواۃ دینے کا حکم دیا گیا تاکہ دل میں سختی نہ بڑھے اور رحم و کرم کا جذبہ دل میں بیدار رہے تیسری حکمت یہ ہے کہ بدنی عبادات نفس انسانی پر زیادہ گراں نہیں ہوتیں لیکن مال کی ادائی نفس پر گراں گذرتی ہے زکواۃ کی ادائی کا حکم اس لئے دیا گیا تاکہ بندوں کا امتحان لیا جائے کہ کون اللہ کا بندہ ہے جو اللہ کے حکم کی تعمیل کرتا ہے اور کون ہے جو نفس کا بندہ ہے اور نفس کی خاطر اللہ کے حکم کی بھی پرواہ نہیں کرتا۔ چوتھی حکمت یہ کہ اغنیاء ماں کے پیٹ سے مال لے کر پیدا نہیں ہوتے۔ بلکہ اللہ ہی ان کو دیتا ہے۔ پس ان کی حیثیت خزانچی کی ہے اور خزانچی کی یہ ذمہ داری ہے کہ دینے والا جب بھی کسی کو دینے کا حکم دے تو وہ بلا چوں وچرا اس کو دیدے۔ اب اگر خزانچی مالک کے مال کو اپنا ہی مال سمجھ لیتا ہے اور مالک کے حکم کے باوجود جن کو دینے کا حکم ہے انکو نہیں دیتا تو مالک کے حکم کی خلاف ورزی کرنے والا کہلائے گا جس کی وجہ سے وہ سزا کا مستحق ہوگا۔ دوسری بات یہ ہے کہ زکواۃ کا مال ان آٹھوں طبقوں کو دینا ضروری نہیں ہے ان میں سے کسی ایک کو بھی دیں تو جائز ہے۔ لیکن ان آٹھ کے سوا دوسروں کو دینا جائز نہیں ہے جیسے مسجد کی تعمیر' میت کی تجہیز و تکفین' یا کسی کام کی اجرت یا معاوضہ یا تنخواہ دینا جائز نہیں ہے۔ فقیر اور مسکین میں فرق ہے فقیر وہ ہے جو نہیں مانگتا۔ اور مسکین وہ ہے جو مانگتا ہے۔ البتہ صدقہ غنی کے لئے جائز نہیں ہے اور غنی کی تعریف اکثروں کے پاس یہ ہے جس کے پاس اتنا ہو جو اس کے اہل و عیال کے لئے ایک سال تک کافی ہو سکے۔ ایک حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صدقہ غنی (مالدار) کے لئے جائز نہیں مگر ان پانچ افراد کو دیا جا سکتا ہے اگر چہ وہ غنی ہوں۔ فی سبیل اللہ جنگ کرنے والا۔ صدقات و زکواۃ وصول کرنے والا۔ قرضدار۔ قیدی کی مدد کے لئے یا وہ شخص جس کا پڑوسی مسکین ہو۔ اور وہ شخص اس مسکین کی مدد کرتا رہتا ہے۔

